عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز بدھ 11 نومبر 2026ء/ 30 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 224

وفاقی اداروں کی مخالفت کے باوجود عالمی بینک نے سندھ حکومت پر اعتماد کیا اور کام مکمل ہوا، بلاول

عوام کو نفرت اور تقسیم کی سیاست نہیں بلکہ اپنے معاشی مسائل کا حل چاہیے، معاشی بحران، تعلیمی مسائل اور بے روزگاری کے موجودہ دور میں سیاسی جماعتوں کی ذمہ داریاں مزید بڑھ گئی ہیں

پوری دنیا اس وقت معاشی بحران سے گزر رہی ہے تاریخی مہنگائی کے باعث عوام حکومتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ کون مشکل وقت میں ان کے ساتھ کھڑا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (جی این ایم) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم اپوزیشن کے ساتھ نئے جھگڑے چھیڑنے کے بجائے اعتماد بحال کریں۔ شہر قائد میں سندھ کے سیلاب متاثرین کے گھروں کی تکمیل کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ پوری دنیا اس وقت معاشی بحران سے گزر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخی مہنگائی کے باعث عوام حکومتوں کی طرف (باقی صفحہ 2 نمبر4)

ریاض پر میزائل حملے کی کوشش، سعودی اتحاد کا تین حوثی میزائل تباہ کرنے کا دعویٰ

حوثی ملیشیا کی بیلسٹک میزائل سمبل اور تیار کرنے والی تین تنصیبات کو تباہ کر دیا گیا، فوجی اتحاد

ریاض، صنعا (جی این ایم) سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے دعویٰ کیا ہے کہ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کی جانب یمن کے حوثی گروپ کی طرف سے داغے گئے ایک حوثی کروز اور ایک بیلسٹک میزائل کو مار (باقی صفحہ 2 نمبر3)

گوادر پورٹ پر ٹرانسشپمنٹ سرگرمیوں میں اہم پیش رفت

26 ہزار میٹرک ٹن سے زائد کارگو کی ہینڈلنگ شروع ہوگئی

گوادر (جی این ایم) گوادر پورٹ پر ٹرانسشپمنٹ سرگرمیوں میں ایک اور اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں پاناما کے پرچم بردار بحری جہاز ایم وی گریٹ وین تاؤ کی کامیاب برتھنگ کے بعد 26 ہزار 321 میٹرک ٹن (باقی صفحہ 2 نمبر2)

ایران کیساتھ جنگ عملی طور پر ختم ہوچکی، ڈونلڈ ٹرمپ

ایران کیخلاف جنگ نے ہمیں نقصان پہنچایا، ممکنہ نیا حملہ 5 گنا زیادہ بڑا ہوگا امریکی صدر

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ٹرمپ نے | ایران کیخلاف جنگ (باقی صفحہ 2 نمبر1)

بلوچستان اسمبلی نئے اضلاع کے قیام اور گیس کے شدید بحران پر ایوان کا احتجاج

وفاقی وزیر توانائی نے گیس معاملے پر بلوچستان کو دھوکہ دیا، پشین ہیڈ کوارٹر تبدیلی کی کارروائی معطل

صوبے کے وسائل کم لیکن نئے اضلاع بنائے جا رہے ہیں، گیس کی اوور بلنگ پر عوام پر رحم کیا جائے، ارکانِ اسمبلی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں نئے اضلاع، ڈویژن اور ہیڈ کوارٹرز کے قیام و تبدیلی سمیت صوبے میں گیس کی شدید قلت، لوڈ شیڈنگ اور بھاری بلوں کے معاملے پر حکومتی اور اپوزیشن ارکان اسمبلی نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے حکومت سے منتخب نمائندوں (باقی صفحہ 2 نمبر7)



لاہور: وزیراعظم محمد شہباز شریف کوپ 31 سمٹ میں شرکت کے لیے ترکیہ کے شہر انطالیہ کے لیے روانہ ہو رہے ہیں

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن کا ہاشو فاؤنڈیشن آفس کا دورہ

گوادر کے منصوبوں میں مقامی افراد کو ترجیح دی جائے گی، ماحولیاتی تحفظ کے لیے آگاہی سیشنز کا فیصلہ

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ہاشو فاؤنڈیشن کے گوادر آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ہاشو فاؤنڈیشن کے پروجیکٹ مینیجر اکبر علی نے (باقی صفحہ 2 نمبر8)

نئے صوبوں کی حمایت سے دستبردار نہیں ہوں گا، مصطفیٰ کمال

حج عمرہ زائرین کیلئے ویکسین پروکیورمنٹ معاملے پر مجھے اور وزارت صحت کو لاعلم رکھا گیا، ساڑھے 10 ارب روپے کی کرپشن کا اسکینڈل جھوٹ ہے

18 کروڑ 30 لاکھ 55 ہزار روپے اس وقت نادرا کے اکاؤنٹ میں ہیں، وفاقی وزیر صحت کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کی حمایت سے دستبردار نہیں ہوں گا، حج اور عمرہ زائرین کیلئے ویکسین کی تیاری اور خریداری کے معاملے میں مجھے اور وزارت صحت کو لاعلم رکھا گیا جبکہ سوشل میڈیا پر 10 ارب روپے کی کرپشن کا (باقی صفحہ 2 نمبر5)

26ویں آئینی ترمیم کے بعد وکیل درخواست سے باہر نہیں جا سکتے، اسلام آباد ہائیکورٹ

26ویں ترمیم کے بعد رٹ پٹیشن کی استدعا تک محدود رہیں، یا پھر آپ اپنی استدعا میں ترمیم کر لیں، جسٹس راجہ انعام

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائی کورٹ میں کیس کی سماعت کے دوران جسٹس راجہ انعام امین نے ریمارکس دیئے کہ 26ویں آئینی ترمیم کے بعد وکیل درخواست سے باہر نہیں جا سکتے۔ اسلام آباد کے علاقے سید پور کو ماڈل ویلیج بنانے اور سی ڈی اے آپریشن (باقی صفحہ 2 نمبر6)

یقینی بنائیں کہ افغان سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال نہ ہو، اسحاق ڈار

چین کے ساتھ تذویراتی شراکت داری خارجہ پالیسی کا اہم ستون ہے، جبکہ پاکستان یورپی ممالک کے ساتھ آر 4 فریم ورک پر کام جاری رکھتے ہوئے بلا روک ٹوک تجارت کی حمایت کرتا ہے، مارگلہ ڈائیلاگ 2026 سے خطاب



اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار جنوبی ایشیائی امور کیلئے امریکہ کی سابق اسسٹنٹ سیکرٹری آف سٹیٹ سفیر ایلس ویلز سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ مکہ معاہدہ ایک ڈیفینیو اگیریمنٹ ہے مکہ معاہدہ سعودی عرب، ترکیہ کے ساتھ ہماری شراکت داری کی علامت ہے، اکنامک ڈپلومیسی میری ذمہ داری ہے۔ اسلام آباد میں مارگلہ ڈائیلاگ 2026 کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا، مختلف ممالک کے سفراء اور شخصیات نے شرکت کی، اسلام آباد پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے زیر مارگلہ ڈائیلاگ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ صدر آئی پی آر آئی لیفٹیننٹ جنرل ر ماجد احسان نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مارگلہ ڈائیلاگ پالیسی ساز اور متنوع خیالات کے لئے پلیٹ فارم بن چکا ہے، مارگلہ ڈائیلاگ بین الاقوامی، علاقائی اور ملکی سطح پر پالیسی سازوں کو سپورٹ فراہم کر رہا ہے، غزہ، افغانستان، یوکرین اور افریقہ میں جاری تنازعات بین الاقوامی نظام کی ناکامی کا ثبوت ہیں، اس سوال یہ ہے کہ جب یہ مسائل حل ہوں گے تو دنیا میں کیا سسٹم ہوگا۔ اس سال مارگلہ ڈائیلاگ کا موضوع "بدلتا ہوا عالمی نظام -اسٹریٹجک غیر یقینی صورتحال سے کیسے نمٹا جائے"۔ رکھا گیا ہے، (باقی صفحہ 2 نمبر9)

عمران خان کے لیے حکومت کے پاس نہ کوئی ڈیل ہے اور نہ ڈھیل، طارق فضل

خیبر پختونخوا میں ممکنہ اہداف حاصل نہیں کر لیتے وہاں ایمرجنسی کا نفاذ رہے گا حکومت کے پاس ناکامی کا آپشن نہیں

اگر سلمان صفدر قانونی نکات پر توجہ دیں گے تو بانی پی ٹی آئی کی رہائی ممکن ہو سکے گی، وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ عمران خان کے لیے حکومت کے پاس نہ کوئی ڈیل ہے نہ ڈھیل، بانی کی رہائی کا واحد راستہ عدالتیں ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو طبی معائنے کی سہولت حاصل ہے اور بیرسٹر سلمان صفدر ایک وکیل ہے مگر وہ میڈیا میں ماہر طب کا کردار ادا کر رہے (باقی صفحہ 2 نمبر11)



وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے ترکیہ میں کوپ 31 فورم سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں

وزیراعظم کا ترکیہ میں آئرن اینڈ سٹیل پلانٹ میں دھماکے سے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ترکیہ کے شہر ازمیر کے علاقے علی آغا میں آئرن اینڈ سٹیل پلانٹ میں دھماکے سے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ منگل کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر (باقی صفحہ 2 نمبر13)

پولیس مقابلے میں استعمال ہونے والا ٹی ٹی پستول برآمد

گندا خہ (جی این ایم): اوستہ محمد پولیس تھانہ باغ ہیڈ کے ایس ایچ او انسپکٹر ظہیر عباس جمالی نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے دورانِ تفتیش (باقی صفحہ 2 نمبر15)

خیبر میں پراسرار بیماری سے ایک ہی خاندان کے 5 بچے جاں بحق

اسسٹنٹ کمشنر لنڈی کوتل کا واقعہ کا نوٹس، اسپتال کا دورہ، زیر علاج بچوں کی عیادت کی

لنڈی کوتل (جی این ایم) ضلع خیبر میں پراسرار بیماری کے باعث ایک ہی خاندان کے 5 کمسن بچے جاں بحق اور 2 بے ہوش ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق ضلع خیبر کے علاقے لنڈی کوتل بازار کے قریب تھانا بازار ڈھہ خیل علاقے قاضیانو کلے میں ایک ماہ کے دوران ایک پراسرار (باقی صفحہ 2 نمبر10)

ایل پی جی ایسوسی ایشن کا 16 نومبر کو ہڑتال کی کال واپس لینے کا اعلان

مارکیٹ میں ایل پی جی 700 روپے تک فروخت ہونے لگی

کراچی (جی این ایم) پاکستان ایل پی جی مارکیٹ ایسوسی ایشن نے 16 نومبر کو ملک گیر ہڑتال کا فیصلہ واپس لینے کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ یہ اعلان گورنر ہاؤس کراچی میں گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا گیا۔ اس موقع پر ایسوسی ایشن کے نمائندے حیدر علی نے بتایا کہ انہوں نے گورنر سندھ سے وفاقی حکومت اور ایل پی جی سیکٹر کے درمیان رابطے (باقی صفحہ 2 نمبر12)

خاور مانیکا تشدد کیس، پی ٹی آئی حامی وکلا کے خلاف فرد جرم آج عائد ہوگی

جب تک تمام ملزمان پورے نہیں ہوتے، اب کیس روزانہ کی بنیاد پر ہوگا، عدالت

اسلام آباد (جی این ایم) خاور مانیکا تشدد کیس میں ملزمان پی ٹی آئی حامی وکلا کے خلاف فرد جرم آج (بدھ کو) عائد ہوگی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں خاور مانیکا پر تشدد کے خلاف پی ٹی آئی کے حامی وکلا کے کیس کی سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ دوران سماعت عدالت نے فرد جرم کے لئے آج 11 نومبر کی تاریخ مقرر کر دی۔ سماعت کے دوران پی ٹی آئی کے (باقی صفحہ 2 نمبر14)

ٹریفک کانسٹیبل شہادت کیس، عبدالمجید اچکزئی کی بریت کا فیصلہ کالعدم، 10 سال قید کی سزا

ہائی کورٹ نے ماڈل کریمنل ٹرائل کورٹ کوئٹہ کے 4 ستمبر 2020 کے بریت کے فیصلے کو کالعدم قرار دے دیا ہے

سابق MPA کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کا حکم 2020 کے عدالتِ عالیہ کے فیصلے کے خلاف سرکار کی اپیل منظور

کوئٹہ (جی این ایم) عدالتِ عالیہ بلوچستان کے جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا اور جسٹس عبدالقیوم لہڑی پر مشتمل ڈویژن بینچ نے سابق چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اور سابق رکنِ صوبائی اسمبلی عبدالمجید اچکزئی کی بریت کے خلاف سرکار کی دائر کردہ اپیل منظور کر لی ہے۔ ہائی کورٹ (باقی صفحہ 2 نمبر33)

وزیراعظم 10 سے 12 نومبر تک ترکیہ کے شہر انطالیہ کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف 10 سے 12 نومبر تک ترکیہ کے شہر انطالیہ کا دورہ کریں گے جہاں وہ (باقی صفحہ 2 نمبر32)

پاکستان کو اکتوبر میں 3 ارب 90 کروڑ ڈالر کی ریکارڈ ترسیلات زر موصول

کراچی (جی این ایم) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے اکتوبر 2026 کے دوران ملک کو موصول ہونے والی ترسیلات زر کے اعداد و شمار جاری کر دیئے، جس کے مطابق بیرون (باقی صفحہ 2 نمبر31)



اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی مرحوم سینیٹر عرفان صدیقی، دانشور، شاعر، مصنف اور کالم نگار کی پہلی برسی کے حوالے سے تقریب میں شریک ہیں

ڈیجیٹل دنیا میں پاکستانیوں کا راج، ٹک ٹاک، واٹس ایپ اور یوٹیوب پر نئے ریکارڈ قائم

ملک میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد 12 کروڑ، سوشل میڈیا آئیڈینٹیٹیز 8 کروڑ تک پہنچ گئیں، رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) ڈیجیٹل دنیا میں پاکستانیوں کا راج، ملک میں پاکستان میں ڈیجیٹل دنیا تیزی سے وسعت اختیار کرنے لگی، انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کے استعمال میں پاکستانیوں نے نئے ریکارڈ قائم کر دیئے، ملک میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد 12 کروڑ سوشل میڈیا آئیڈینٹیٹیز 8 کروڑ تک پہنچ گئیں، ٹک ٹاک، واٹس ایپ اور یوٹیوب پاکستانیوں کے پسندیدہ (باقی صفحہ 2 نمبر30)

شمالی وزیرستان میں کلیئرنس آپریشن جاری، مزید 62 گھروں اور متعدد کمپاؤنڈز کی تلاشی مکمل

حسوخیل سے ایک الفاروقی میزائل، 200 کلوگرام یوریا اور دیگر متعلقہ آلات برآمد

پشاور (جی این ایم) شمالی وزیرستان کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ حسوخیل میں 14 ٹارگٹ مقامات کلیئر کر دیئے گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کے دوران مختلف علاقوں میں مزید 62 گھروں اور متعدد کمپاؤنڈز کی تلاشی مکمل کر لی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گاؤں ابی سے حیدر خیل تک 17، مسکی میں 28 جبکہ دیگر علاقوں میں 17 کمپاؤنڈز کی تلاشی لی گئی۔ حسوخیل میں 14 ٹارگٹ (باقی صفحہ 2 نمبر29)



لاہور: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال (یو ای ٹی) کے 33ویں کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

28ویں صوبوں کے بننے یا نہ بننے سے متعلق فیصلہ پارلیمنٹ میں ہونا ہے، رانا ثناء اللہ

28ویں ترمیم سے متعلق ابھی حکومت کی کوئی تیاری نہیں کی کہ کسی سے مشاورت کریں، آئینی تحفظ نہ ملنے تک بلدیاتی ادارے کیسے مضبوط ہو سکتے ہیں؟

اس وقت پاکستان کا مسئلہ دہشت گردی، مولانا فضل الرحمان کے گھر کے باہر پڑا جنریٹر نہیں، ہمیں پاکستان کو درپیش مسئلے پر توجہ اور اس پر کام کرنا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے بننے یا نہ بننے سے متعلق فیصلہ پارلیمنٹ میں ہونا ہے، 28ویں ترمیم سے متعلق ابھی حکومت کی کوئی تیاری نہیں کی کہ کسی سے مشاورت کریں۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ اگر قانونی سازی ابھی اور عمل اگلے انتخابات کے بعد ہوگا تو کیا یہ قابل عمل بات لگتی ہے؟ پارلیمنٹ وہ فورم ہے جہاں ریفرنڈم ہونے یا نہ ہونے سے متعلق فیصلہ ہوگا، پارلیمنٹ وہ فورم ہے جہاں فیصلہ ہونا ہیکہ ریفرنڈم کا سوال کیا ہوگا۔ تھیں، 26ویں آئینی ترمیم کی ایک ایک شق پر مباحثہ ہوا اور پھر اتفاق رائے ہوا، 27ویں ترمیم میں آئینی عدالت بنی تو یہ وہی 26ویں ترمیم کا نامکمل ایجنڈا تھا، ہم تو نمبر پورے کرنے کے بعد ترمیم پارلیمنٹ میں لانے کے حق میں ہیں، 28ویں ترمیم سے متعلق (باقی صفحہ 2 نمبر18)

تکنیکی و آپریشنل وجوہات، کراچی سے 6 پروازیں منسوخ

کراچی (جی این ایم) تکنیکی اور آپریشنل وجوہات کے باعث کراچی سے روانہ ہونے والی 6 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ منسوخ ہونے والی پروازوں میں عدیس ابابا، مشہد (باقی صفحہ 2 نمبر19)

امریکی صدر نے نیلی بیکر کو پاکستان میں نیا سفیر نامزد کر دیا

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ٹرمپ نے ناظم الامور نیلی بیکر کو پاکستان میں نیا سفیر نامزد کر دیا۔ وائٹ ہاؤس کے (باقی صفحہ 2 نمبر22)

پیٹرولیم لیوی کا خاتمہ، حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات

جماعت اسلامی کی عوام کو ریلیف دلانے کی جہد و جہد رنگ لائے گی، لیاقت بلوچ

لاہور (جی این ایم) پیٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوامی ریلیف کے لیے وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی کی سب کمیٹی کے درمیان مذاکرات کا فائنل راؤنڈ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرولیم لیوی کے خاتمے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے معاملے میں جماعت اسلامی اور حکومت کے درمیان مذاکرات جاری ہیں جس میں جماعت اسلامی کی مذاکراتی (باقی صفحہ 2 نمبر20)

نئی آٹو پالیسی سے چھوٹی پیٹرول گاڑیاں 10 لاکھ روپے تک سستی ہونے کی توقع

مقامی طور پر تیار کردہ 658 سی سی تک کی پیٹرول گاڑی کی قیمت میں 3 لاکھ 75 ہزار روپے کمی کی جائیگی

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت کی منظور کردہ نئی آٹو پالیسی کے تحت فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی اور کسٹم ڈیوٹی میں کمی سے پیٹرول گاڑیوں کی قیمتیں 10 لاکھ روپے تک کم ہونے کی توقع ہے۔ دستاویزات کے مطابق مقامی طور پر تیار کردہ 658 سی سی تک کی پیٹرول گاڑی کی قیمت میں 3 لاکھ 75 ہزار روپے کمی کی جائے گی جس کے بعد قیمت 32 لاکھ 20 ہزار سے کم ہو کر 28 لاکھ 45 (باقی صفحہ 2 نمبر21)



ترکیہ: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین ترکیہ کے وزیر برائے زراعت و جنگلات اسکائی ابراہیم یمکلی سے ملاقات کر رہے ہیں اور انہیں یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

امریکا کا سکھ رہنما کے قتل کی سازش پر بھارتی حکومت کو عدالتی نوٹس، سمن جاری

سفارتی مراسلے کے ذریعے بھارتی سفارت خانے کو سمن اور عدالتی نوٹس 9 اکتوبر کو ارسال کیے گئے، امریکی محکمہ خارجہ

نیویارک (جی این ایم) امریکا نے سکھ رہنما کے قتل کی سازش پر سفارتی مراسلے کے ذریعے بھارتی حکومت کو عدالتی نوٹس اور سمن جاری کر دیا۔ بھارتی جریدہ دی ہندو میں شائع امریکی محکمہ خارجہ کے نوٹس کے مطابق امریکی عدالت نے بھارت کی قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوول کو سرحد پار بھارتی ریاستی دہشت گردی پر نوٹس جاری کر دیا ہے اور نیویارک کی عدالت کی درخواست پر خالصتان رہنما گرپتونت سنگھ پنوں کے قتل کی سازش کے مقدمے کی دستاویزات (باقی صفحہ 2 نمبر16)

اقلیتوں کو مذہبی تہوار منانے کی مکمل آزادی ہے: ڈپٹی کمشنر جعفر آباد

خالد خان کی ہندو برادری کے ساتھ دیوالی کی تقریب، کیک کاٹا اور مبارکباد پیش کی

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں تمام اقلیتوں کو اپنے مذہبی عقائد اور روایات کے مطابق مذہبی تہوار منانے کی مکمل آزادی حاصل ہے، جبکہ مذہبی ہم آہنگی، باہمی احترام، رواداری اور بھائی چارے کا فروغ ایک پرامن اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہندو برادری کے مذہبی تہوار دیوالی کے موقع پر منعقدہ تقریب میں شرکت کے دوران کیا، جہاں انہوں نے ہندو برادری کے معززین کے ہمراہ (باقی صفحہ 2 نمبر17)



اسلام آباد: وفاقی وزیر سینیٹر محمد اورنگزیب کابینہ کمیٹی برائے سرکاری اداروں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قطر، پاکستان کی تجویز پر واشنگٹن اور تہران کے درمیان سنجیدہ مذاکرات بحال ہونے کا دعویٰ

واشنگٹن نے ایران کو 3.67 فیصد تک یورینیم افزودگی کی اجازت دینے پر رضامندی ظاہر کر دی

ایٹمی معائنہ کاروں کی واپسی کے انتظامات پر بھی غور کیا جا رہا ہے، عرب ٹی وی رپورٹ

دوحہ (جی این ایم) قطر اور پاکستان کی تجویز پر امریکا اور ایران کے درمیان سنجیدہ مذاکرات کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو گیا۔ عرب ٹی وی نے دعویٰ کیا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان جوہری پروگرام اور آبنائے ہرمز سے متعلق اہم معاملات پر بات چیت جاری ہے۔ واشنگٹن نے ایران کو 3 اعشاریہ چھ سات فیصد تک یورینیم افزودگی کی اجازت دینے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے، ایران میں ایٹمی معائنہ کاروں کی واپسی کے (باقی صفحہ 2 نمبر23)

شاہ محمود قریشی طبی معائنے کیلئے کوٹ لکھپت جیل سے پی آئی سی منتقل

چند روز قبل جیل میں قیام کے دوران شاہ محمود قریشی کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی تھی

لاہور (جی این ایم) کوٹ لکھپت جیل میں قید پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کو مختلف طبی ٹیسٹوں کے لیے پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی (پی آئی سی) منتقل کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق چند روز قبل جیل میں قیام کے دوران شاہ محمود قریشی کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی تھی، جہاں وہ اپنی بیرک میں چہل قدمی کر رہے تھے کہ اچانک چکر آنے کے باعث زمین پر گر پڑے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ بیرک میں گرنے کے نتیجے (باقی صفحہ 2 نمبر24)

اپنے بیان پر قائم، پنجاب میں بدعنوانیوں کی لمبی فہرست ہے، چوہدری سالک

پنجاب میں کسی ن لیگ مخالف گروپ سے کوئی تعلق نہیں نہ ہی اس کا علم ہے، بیان سے محسن نقوی کا کوئی لینا دینا نہیں

کل تک جو نواز شریف کو را کا ایجنٹ کہتی تھیں آج وہی ترجمان بنی بیٹھی ہیں، الحمدللہ! ہم سرکاری تھالیوں میں نہیں کھاتے اور نہ کھائیں گے، یہ آپ کو ہی مبارک ہو، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ کرپشن کے بیان پر قائم ہوں، پنجاب میں بے ضابطگیوں اور بدعنوانیوں کی لمبی فہرست ہے، کل تک جو نواز شریف کو را کا ایجنٹ کہتی تھیں آج وہی ترجمان بنی بیٹھی ہیں۔ ایک انٹرویو میں مسلم لیگ ق کے رہنما نے پنجاب حکومت کے طرز حکمرانی، کرپشن اور لیگل نوٹس پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں بے ضابطگیوں اور بدعنوانیوں کی (باقی صفحہ 2 نمبر25)

فضل الرحمان، خاندان کے معاملات سے متعلق نئے سوالات

مولانا فضل الرحمان کے صاحبزادے کی وزارت کے ٹھیکوں کی تفصیل سامنے آ گئی

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن اور خاندان کے گرد مالی بے ضابطگیوں سے متعلق نئے سوالات اٹھ گئے جب کہ اسعد محمود کے دور وزارت میں ڈی آئی خان کی 5 سڑکوں کے منصوبوں کے ٹھیکوں اور ٹھیکیداروں کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ رپورٹ کے مطابق اسعد محمود کے دور وزارت مواصلات (19 اپریل 2022 تا 10 اگست 2023) میں ڈی آئی خان کے پانچ اہم سڑکوں کے منصوبوں کی دوبارہ ٹینڈرنگ اور ٹھیکوں کی (باقی صفحہ 2 نمبر26)

عمران خان، بشریٰ بی بی کی وکلا سے ایک گھنٹے تک ملاقات کروانے کا حکم

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کے وکیل سلمان صفدر اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے وکیل سردار لطیف کھوسہ کو راولپنڈی کی اڈیالہ (باقی صفحہ 2 نمبر28)

کسی بھی وزیر کیخلاف کرپشن کی شکایت سامنے آئی تو قسم کھاتی ہوں نہیں بخشوں گی، مریم نواز

جہلم (جی این ایم) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنی کابینہ کے وزرا کو کرپشن پر سخت وارننگ دے دی۔ جہلم میں تقریب (باقی صفحہ 2 نمبر27)

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

قومی جذبہ اور ہمارے اسلاف

از قلم /// غلام رسول بلوچ

نومبر کے مہینے میں 9 نومبر کو پوری قوم علامہ اقبال رح کا یوم پیدائش منا رہی تھی یہ وہ دن تھا جب برصغیر کے افق پر اس ہیرے کی پیدائش ہوئی جو شاعر مشرق تھ ایک فلسفہ تھا ایک نظریہ تھا، عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھا اور مصور پاکستان تھا یہ اسکی شخصیت کے خاص پہلو تھے ان کی شاعری نے خودداری اور بیداری کا شعور امت مسلمہ کو دیا جس نے پاکستان کے قیام کا خواب دیکھا اور وہ خواب تعبیر بن کر آج پوری قوم کے سامنے ہے۔ پاکستان کے قیام کے لیے تحریک آزادی کی قیادت بانی پاکستان محمد علی جناح رح فرمارہے تھے اس تحریک میں ہمارے اسلاف نے ملک وقوم کے لیے قربانیاں دیں۔قومی تحریک آزادی میں بے شمار ہیرے جنہوں نے مسلمانوں کی قیادت کی وہ ہماری سنہری تاریخ کا حصہ ہیں۔قوم اپنی تاریخ اور اپنے اسلاف کو ہمیشہ یاد رکھے اور ان کی قربانیوں کی قدر کرے۔قیام پاکستان کے لیے ہمارے اسلاف نے انتہائی مشکل حالات کا سامنا کیا۔ہماری غیرت اور حمیت کا یہ تقاضا ہے کہ ہم بحیثیت قوم اپنے قومی جذبے سے سرشار ہوکر اپنے اسلاف کی قربانیوں کی قدر کریں۔قوم پرستی ایسا جذبہ ہے جو ملک وقوم سے محبت کرنا سکھاتا ہے۔قوم پرستی کے جذبے سے سرشار قومیں ترقی کرتی ہیں اور اپنی مضبوط پہچان بناتی ہیں۔جن قوموں میں جذبہ حب الوطنی پروان چڑھتا ہے وہ قومیں ہر طرح کے مشکل حالات سے نکل آتی ہیں۔پاکستان کو اس قومی جذبے کی ضرورت ہے جو قیام پاکستان کے وقت قوم کے سینے میں موجزن تھا۔کثیرالثقافتی معاشرے میں ایک قوم بن کر رہنا متنوع معاشرے کی مثال ہے۔پاکستان اس وقت جیلنجز اور بحرانوں کا سامنا کر رہا ہے۔پاکستان کے دوصوبے بلوچستان اور کے پی کے دہشت گردی سے شدید متاثر ہیں۔پاکستان کو اندرونی و بیرونی محاذ پر شدید مشکلات کا سامنا ہے۔دہشت گردی کا ناسور بیرونی اسپانسرڈ اور فنڈڈ ہے۔بھارتی سرپرستی میں پاکستان میں دہشت گرد تنظیموں اور ان کی پراکسیز کو پاکستان کے خلاف استعمال کیا جارہا ہے۔بھارت دہشت گردی کو بطور ریاستی پالیسی استعمال کررہا ہے جس میں اسے اسرائیل اور افغانستان کے دہشت گرد گروہوں کی معاونت حاصل ہے۔افواج پاکستان اور قومی سلامتی کے ادارے پاکستان کو دہشت گردی سے پاک کرنے اور امن وامان کی بحالی کے لیے بلند حوصلوں کے ساتھ جنگ لڑرہے ہیں۔اس جنگ میں قوم کے مکمل تعاون کی ضرورت ہے۔قومی تعاون سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی حاصل ہو گی۔افواج پاکستان اور دیگر سیکورٹی اداروں کی قربانیاں اور شہادتیں قابل تکریم وقابل تحسین ہیں۔یہ وہ قومی ہیروز ہیں جو اپنی جوانیاں اس ملک وقوم کی ناموس پر قربان کررہے ہیں۔ملک وقوم کے تحفظ اور آنیوالی نسلوں کے بہتر اور روشن مستقبل کے لیے جانیں قربان کرنے والے یہ قوم کے بیٹے پورے ملک کا فخر ہیں۔پاکستانی قوم اپنے قوم پرستی کے جذبہ کے ساتھ اپنے قومی سلامتی کے اداروں کا بھرپور ساتھ دے۔ملکی سلامتی کا تقاضا ہے کہ قوم شعوری بیداری کے ساتھ ملک کے خلاف سازشوں اور دشمن عزائم کو ناکام بنائے۔پاکستان کے مثبت امیج کو دنیا بھر میں اجاگر کریں۔سیاسی، مذہبی، لسانی اختلافات کو بھلا کر ایک قوم کے طور پہ اپنی پہچان کو متعارف کروائیں۔شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔ریاستی رٹ چیلنج کرنے والوں کے خلاف اپنے قومی سلامتی کے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ملکی مفادات کو اولین ترجیحات میں شامل کر کے ذاتی مفادات حاصل کرنے والے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں۔پروپیگنڈہ وار اور جھوٹے بیانیے کو پاکستان کے خلاف تواتر سے کیے جارہے ہیں ان کے جھوٹ کو بے نقاب کریں۔قوم میں بدگمانیاں اور انتشار وفساد پھیلانے والے شرپسند عناصر کا معاشرتی بائیکاٹ کریں۔پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے امن وامان کا قیام ایک ضروری امر ہے۔اپنی افواج اور اپنے اداروں کے خلاف دشمن بہکاوے یا پروپیگنڈے میں آکر ہرزہ سرائی اور تنقید مت کریں۔حالات بہت نازک ہیں بیرونی و اندرونی محاذ پر دشمن قوتیں پاکستان کے خلاف سرگرم عمل ہیں۔ان حالات کا مقابلہ قوم پرستی کے جذبے سے سرشار ہوکر اور ایک ہی قوم بن کر کیا جاسکتا ہے۔اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی وناصر ہو آمین

لندن میں فضائی آلودگی

لندن میں فضائی آلودگی خطرناک حد تک بڑھ گئی، میئر صادق خان نے ہائی پولوشن الرٹ جاری کردیا۔گریٹر لندن میں آلودگی کی سطح انتہائی بلند ریکارڈ کی گئی ہے، شدید دھند اور ہوا کی کم رفتار کے باعث آلودہ ذرات فضا میں جمع ہونے لگے۔بون فائرنائٹ اور دیوالی کی آتش بازی سے اٹھنے والے دھوئیں نے بھی فضائی آلودگی میں اضافہ کردیا، حکام نے دمہ اور دل کے امراض میں مبتلا افراد کو خصوصی احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔لندن میں فضائی آلودگی خطرناک حد تک بڑھ گئی، میئر صادق خان نے ہائی پولوشن الرٹ جاری کردیا۔گریٹر لندن میں آلودگی کی سطح انتہائی بلند ریکارڈ کی گئی ہے، شدید دھند اور ہوا کی کم رفتار کے باعث آلودہ ذرات فضا میں جمع ہونے لگے۔بون فائرنائٹ اور دیوالی کی آتش بازی سے اٹھنے والے دھوئیں نے بھی فضائی آلودگی میں اضافہ کردیا، حکام نے دمہ اور دل کے امراض میں مبتلا افراد کو خصوصی احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔لندن میں فضائی آلودگی خطرناک حد تک بڑھ گئی، میئر صادق خان نے ہائی پولوشن الرٹ جاری کردیا۔گریٹر لندن میں آلودگی کی سطح انتہائی بلند ریکارڈ کی گئی ہے، شدید دھند اور ہوا کی کم رفتار کے باعث آلودہ ذرات فضا میں جمع ہونے لگے۔بون فائرنائٹ اور دیوالی کی آتش بازی سے اٹھنے والے دھوئیں نے بھی فضائی آلودگی میں اضافہ کردیا، حکام نے دمہ اور دل کے امراض میں مبتلا افراد کو خصوصی احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔

بجائے نفرت اور تقسیم کی سیاست تو نہیں کریں گی، موجودہ حالات میں عوام کو سیاسی محاذ آرائی کے بجائے معاشی مسائل سے نجات دلانے کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا ہے کہ وفاقی ادارے عالمی بینک کو یہ باور کرانے میں مصروف تھے کہ صوبائی ادارے کرپٹ ہوتے ہیں، تاہم عالمی بینک نے سندھ حکومت پر اعتماد کیا اور صوبائی حکومت نے عملی طور پر کام کر کے دکھایا۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ سندھ کو جتنی بڑی قدرتی آفت کا سامنا کرنا پڑا، دیگر صوبے شاید اس کا مقابلہ نہ کر سکتے، تنقید کرنے والے سندھ میں تعلیم کے مسائل پر بات کرنے کے بجائے حکومت پر تنقید [illegible]

نے کہا کہ جو لوگ آج ان فیصلوں پر اعتراضات اٹھا رہے ہیں، انہیں اس وقت کیوں خیال نہیں آیا جب وہ خود کابینہ کا حصہ تھے۔ رکن اسمبلی زاہد ریکی نے بھی مطالبہ کیا کہ نئے اضلاع، ہیڈکوارٹرز اور ڈویژن کے قیام سے متعلق فیصلوں میں منتخب نمائندوں کو اعتماد میں لیا جائے۔ اسپیکر نے بتایا کہ آئندہ ہفتے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو) ایم بی آر (کو طلب کیا گیا ہے، جہاں ارکان اسمبلی اپنے تحفظات اور خدشات پیش کرسکیں گے۔ سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ صرف ایک نوٹیفکیشن جاری کرنے سے ضلع نہیں بن جاتے، صوبے کے مالی وسائل اور انتظامی صلاحیت کو بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے انہوں نے [illegible]

سلمان صفدر قانونی نکات پر توجہ دیں گے تو بانی پی ٹی آئی کی رہائی ممکن ہوسکے گی، سلمان صفدر نے اعتراف کیا کہ بانی پی ٹی آئی کو میڈیکل چیک اپ کی سہولت میسر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نہ پہلے بانی پی ٹی آئی کے علاج سے غافل تھی نہ آئندہ کوئی غفلت برتی جائے گی، بانی پی ٹی آئی کو اسپتال لانے کے سپریم کورٹ کے حکم سے پہلے انہیں 6 بار اسپتال لایا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے بلڈ پریشر کے معاملہ میں جب ضرورت پڑی تو لندن سے ڈاکٹر بلایا گیا، عمران خان کا علاج اس معیار کے مطابق کیا گیا جو ان کے لیے ضروری تھا۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ تحریک انصاف کا خیبرپختونخوا میں 13 سالہ دور بدترین دور حکومت رہا ہے، پی ٹی آئی کے دور میں کسی قسم [illegible]

صوبوں نے اختیارات آگے نچلی سطح پر منتقل نہیں کیے، اصل مسئلہ اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی ہے، یہ مسئلہ صوبوں کے ذریعے، چھوٹے یونٹس یا بلدیاتی نظام سے دور ہوسکتا ہے، این ایف سی کی طرز پر پی ایف سی ہوجائے، پیسہ یوسی کو ملے تو سارے اختیارات آجائیں گے، آئینی تحفظ نہ ملنے تک بلدیاتی ادارے کیسے مضبوط ہوسکتے ہیں؟۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ اس وقت پاکستان کا مسئلہ دہشت گردی ہے مولانا فضل الرحمان کے گھر کے باہر بڑا اجتجاج نہیں، ہمیں پاکستان کو درپیش مسئلے پر توجہ دینی چاہیے اور اس پر کام کرنا چاہیے، مولانا فضل الرحمان کی ہم سے مختلف رائے ہے تو ان سے مکالمہ کیا جاسکتا ہے، اگر لوگوں کو [illegible]

جائے گا، چاہتے ہیں کہ نوٹس کے جواب میں یہ بھی بتایا جائے کہ انہوں نے یہ باتیں کیوں کی تھیں۔ انہوں نے محسن نقوی سے متعلق کہا کہ اس معاملے سے ان کا کوئی لینا دینا نہیں۔ جہاز کے معاملے پر بھی متضاد بیانات سامنے آئے ہیں، جن میں 9 ارب سے بات شروع ہوکر 10، 11 اور پھر 12 ارب تک پہنچی۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ وہ فنڈز اپنے لیے نہیں مانگ رہے، جبکہ 2023 میں خاندان کے اندر اختلافات بھی اصولی مؤقف کی بنیاد پر ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین نے نواز شریف کو زبان دے رکھی تھی، اسی لیے انہوں نے پرویز الٰہی کو وزیراعلیٰ بنانے کے معاملے پر اپنا [illegible]

جانب سے تیزی سے شمسی توانائی کے فروغ اور قابل تجدید توانائی کی استعداد میں اضافے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو اجاگر کریں گے جو صاف ستھری اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے میں زیادہ مستحکم معیشت کی جانب منتقلی کا حصہ ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف آفات سے نمٹنے کی تیاری اور قبل از وقت انتباہی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے پاکستان کی کوششوں پر بھی روشنی ڈالیں گے۔

33

نے ماڈل کریمنل ٹرائل کورٹ کوئٹہ کے 4 ستمبر 2020 کے بریت کے فیصلے کو کالعدم قرار دے دیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق، ڈویژنل بینچ [illegible]

[illegible]

01

کے شدید تبادلے میں 2 دہشتگرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ و ہتھیار، کمیونیکیشن کا سامان اور نقدی برآمد ہوئی، جس میں عام بلوچ شہریوں سے لوٹی گئی رقم بھی شامل ہے۔ آپریشن کے بعد علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

02

ہونے والی لاش کی شناخت عاقل حسین ولد شاہد رضا (قوم ہزارہ، سکنہ علمدار روڈ) کے نام سے ہوئی ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لیا اور ضروری قانونی کارروائی کے لیے سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا۔ واقعے کی وجوہات اور تفصیلات تاحال سامنے نہیں آ سکی ہیں۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات اور محرکات کا تعین کرنے کے لیے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

03

کے ادارے کے سربراہ میجر جنرل عمر الوائلی نے بتایا کہ ایران کے ساتھ مندلی بارڈر کراسنگ کو بند کر دیا گیا ہے، جبکہ الشیب سرحدی گزرگاہ کو دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ حکام نے گزرگاہوں کی بندش اور بحالی کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب عراقی وزیر خارجہ فواد حسین نے بتایا تھا کہ امریکی محکمہ خزانہ نے بغداد سے مطالبہ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ تمام سرحدی گزرگاہیں بند کر دی جائیں، تاہم دو گزرگاہیں کھلی رکھی جائیں۔ فواد حسین کے مطابق واشنگٹن ایران پر معاشی دباؤ بڑھانے کی کوششوں کے تحت یہ مطالبہ کر رہا ہے۔ تاہم عراقی حکام نے مندلی گزرگاہ کی بندش اور الشیب کو دوبارہ کھولنے کی وجہ مرمت اور دیکھ بھال کے کام کو قرار دیا ہے۔ عراق اور ایران کے درمیان سرحدی تجارت دونوں ملکوں کے معاشی تعلقات کا اہم حصہ ہے، اس لیے سرحدی گزرگاہوں سے متعلق فیصلوں پر خطے میں جاری معاشی اور سفارتی کشیدگی کے تناظر میں بھی نظر رکھی جا رہی ہے۔

04

ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف اقسام کے میزائل تیار کر رہے ہیں۔ ان میں ہرمز میزائل بھی شامل ہے، جسے دشمن کے ریڈار نظام کے خلاف استعمال کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ بریگیڈیئر جنرل علی بلالی کے مطابق یہ میزائل دشمن کے ریڈار سے خارج ہونے والی برقی مقناطیسی لہروں اور سگنلز کا پتا لگا کر ان کے منبع کی جانب رہنمائی حاصل کر سکتا ہے، جس سے ریڈار تنصیبات کو نشانہ بنانا ممکن ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی ماہرین نے ایسی میزائل ٹیکنالوجی کی تیاری میں پیش رفت کی ہے جو ریڈار سسٹم کے سگنلز کو استعمال کرتے ہوئے اپنے ہدف کی شناخت اور نشانہ بندی کر سکتی ہے۔ بلالی کا کہنا تھا کہ اس نوعیت کی ٹیکنالوجی کی تیاری ظاہر کرتی ہے کہ ایران کی میزائل صنعت اب صرف پہلے سے موجود ہتھیاروں کی نقل تیار کرنے تک محدود نہیں رہی بلکہ میدانِ جنگ کی ضروریات کے مطابق نئے میزائل نظام ڈیزائن اور تیار کرنے کی صلاحیت بھی حاصل کر چکی ہے۔ تاہم ہرمز میزائل کی عملی کارکردگی، اس کی رینج اور دیگر تکنیکی خصوصیات سے متعلق مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں، جبکہ اس کی صلاحیتوں کی آزادانہ تصدیق بھی سامنے نہیں آئی۔

05

اس حوالے سے تحقیقات میں غور جاری ہے۔ واپڈا ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے مکمل تحقیقات کرائی جائیں گی۔ آج واقعے کی مکمل اسیسمنٹ کے بعد باقاعدہ انکوائری کمیٹی تشکیل دیے جانے کا امکان ہے۔ دستاویزات کے مطابق تربیلا پانچویں توسیعی منصوبے کی ابتدائی منظور شدہ لاگت 82 ارب 36 کروڑ روپے تھی، تاہم منصوبے پر جنوری 2026 تک 153 ارب 95 کروڑ روپے خرچ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ اس طرح منصوبے پر ابتدائی منظور شدہ لاگت سے 71 ارب 59 کروڑ روپے زائد خرچ ہو چکے تھے۔ دستاویزات کے مطابق منصوبے کا تعمیراتی کام اگست 2021 میں شروع ہوا، جبکہ جنوری کی رپورٹ میں تکمیل کی تاریخ مئی 2027 مقرر کی گئی تھی۔ منصوبے میں 1530 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کے 3 یونٹ نصب کیے جانے ہیں، تاہم منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کے باعث سابقہ مشاورتی کمپنی کا معاہدہ جون 2024 میں ختم کر دیا گیا اور منصوبے کے باقی ماندہ کام کی نگرانی کے لیے نئی مشاورتی کمپنیوں کی خدمات حاصل کی گئیں۔ واپڈا کے مطابق رابطہ سرنگ کی کھدائی کے دوران چٹان کا کمزور حصہ گرنے سے پانی داخل ہوا۔ حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور اہم تنصیبات محفوظ ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ منصوبے کی تعمیراتی پیش رفت، بڑھتی لاگت اور حالیہ حادثے کے بعد حفاظتی انتظامات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ تربیلا منصوبے میں پیش آنے والے واقعے کی تکنیکی وجوہات جاننے کے لیے آزادانہ تحقیقات کی ضرورت ہے، جبکہ حفاظتی انتظامات، تعمیراتی معیار اور حادثے کے ممکنہ مالی اثرات کا تفصیلی جائزہ لینے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ حادثے کے بعد منصوبے کا پی سی ون تبدیل ہونے کا امکان ہے، جبکہ منصوبے کی لاگت مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ٹی 5 منصوبے کی لاگت 200 ارب روپے سے زائد ہونے کا خدشہ ہے۔

06

ذمہ دارانہ راستہ ہے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ پاکستان یوکرین تنازع کے پائیدار حل کیلئے سفارتی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

07

کے منشور کا حصہ ہے۔ ہم اصولی طور پر اس کے حامی ہیں، تاہم آئینی تقاضے پورے کیے جائیں۔ حکومت نے تاحال اس معاملے پر ہم سے کوئی رابطہ نہیں کیا۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پارٹی لڑائی جھگڑے ختم کر کے مفاہمت کا راستہ اپنائے، اداروں سے لڑائی کا کوئی فائدہ نہیں، تمام مسائل کا حل پارلیمنٹ سے نکلے گا۔ اداروں اور پی ٹی آئی کی لڑائی کا فائدہ ن لیگ اور پیپلز پارٹی کو ملا، نقصان لیڈرشپ اور کارکنوں کو ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بانی کے لیے آدھی رات کو اڈیالہ جیل میں طبی ٹیم کا جانا سوالیہ نشان ہے، حکومت اصل صحت چھپا رہی ہے۔ حکومت طبی رپورٹس خاندان کے حوالے کرے۔ شوکت یوسفزئی نے مزید کہا کہ علاج میں غفلت، ملاقاتوں پر پابندی اور وکلا تک رسائی نہ دینا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے میں ہم اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کیا جائے۔

08

کے داخلے پر پابندیاں عائد کی جارہی ہیں اور پولیس وکلا کے گھروں پر چھاپے مار کر چادر و چار دیواری کی پامالی پر اتر آئی ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ پولیس نے اورنگزیب کاکڑ ایڈووکیٹ اور ایڈووکیٹ ریاض کے گھروں میں توڑ پھوڑ کی، سینئر کامران مرتضی کے گھر جا کر اہل خانہ کو ہراساں کیا اور وسیم جدون کے بیٹے کو زدوکوب کیا۔ انہوں نے کہا کہ وکلا آئین اور قانون کے پاسبان ہیں، مگر پولیس اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے۔ وکلا اور پولیس کا تعلق لازم و ملزوم ہے، لیکن اگر کالے کوٹ اور ٹائی کی عزت نہ کی گئی تو قانونی نظام متاثر ہوگا۔ انہوں نے آئی جی پولیس اور صوبائی حکومت سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے وکلا کو تحفظ فراہم کرنے کی ہدایت کی تاکہ معاملات مزید خرابی کی طرف نہ جائیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وکلا رہنما اورنگزیب کاکڑ اور قاری رحمت اللہ نے کہا کہ ہم ایک قبائلی معاشرے کا حصہ ہیں جہاں گھروں میں گھسنے اور روایات کی پامالی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے پولیس رویے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واضح کیا کہ آئندہ کے سخت لائحہ عمل کا جلد اعلان کیا جائے گا۔

09

دیا گیا ہے۔ عدالت نے فیصلے میں قرار دیا کہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کو میڈیکل کالجز کی فیس مقرر کرنے کا اختیار حاصل ہے اور کالجز اپنی مرضی سے فیس وصول نہیں کر سکتے، اس کیلئے کونسل کی منظوری ضروری ہے۔ فیصلے کے مطابق میڈیکل کالجز کی فیس کی حد آئین کے خلاف نہیں اور میڈیکل تعلیم کو محض کاروبار نہیں بنایا جا سکتا، عدالت نے طلبہ کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے زائد وصول کی گئی فیس 30 ورکنگ دنوں میں واپس کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق یونیورسٹی آف فیصل آباد کے میڈیکل کالج کو ہر طالب علم کو 8 لاکھ 41 ہزار روپے سے زائد جبکہ ایف ایم ایچ کالج لاہور کو ہر طالب علم کو 7 لاکھ 41 ہزار روپے سے زائد واپس کرنا ہوں گے۔ عدالت نے قرار دیا کہ کالجز پہلے خود کونسل سے رجوع کر چکے تھے، اس لئے اب فیس کی حد پر اعتراض کرنا درست نہیں، فیصلے میں مزید تنبیہ کی گئی ہے کہ طلبہ کے خلاف کسی بھی قسم کی انتقامی کارروائی کی صورت میں توہین عدالت کی کارروائی ہو سکتی ہے۔

10

عروج پر پہنچ چکا ہے۔ شہری علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران 20، 20 گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے، جبکہ دیہی علاقوں کے مکین بجلی کی فراہمی کے نام کو ترس گئے ہیں۔ کیسکو افسران کی یونین سازی اور عدم توجہی کے باعث محکمہ شہریوں کے لیے سفید ہاتھی بن چکا ہے۔ طویل اور بے وقت لوڈشیڈنگ کے باعث مریض، بچے، خواتین اور بزرگ شدید ذہنی کوفت میں مبتلا ہیں، جبکہ کاروباری طبقے کو بھی معاشی نقصان کا سامنا ہے۔ صحبت پور کے سیاسی، سماجی و عوامی حلقوں نے وفاقی حکومت اور اعلیٰ حکام سے التجا کی ہے کہ کیسکو انتظامیہ کی اس لاپرواہی اور بے حسی کا فوری نوٹس لے کر بجلی کی سڈول کے مطابق فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش عذاب سے نجات مل سکے۔

11

کو ٹرمپ کی مقبولیت میں کمی کی بڑی وجہ قرار دیا گیا ہے۔ سروے کے مطابق صرف 21 فیصد امریکی شہریوں نے مہنگائی سے نمٹنے کے لئے ٹرمپ کی کارکردگی کی حمایت کی جبکہ امیگریشن پالیسی پر ان کی مقبولیت 38 فیصد اور معاشی معاملات سے نمٹنے پر صرف 25 فیصد رہی۔ رپورٹ کے مطابق ایران کے خلاف جنگ کے نتیجے میں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے نے امریکی عوام کے گھریلو بجٹ کو متاثر کیا ہے۔

12

خلاف بھاری جرمانے عائد کرنے کے ساتھ دکانیں سیل اور قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں نائب تحصیلدار اوتھل عطاء اللہ جاموٹ، محاسب اصغر علی کھوسہ، ریڈر سیف اللہ رونجھو سمیت شہر کے دکانداروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر میر مین کاکڑ نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ تمام دکانوں پر سرکاری نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کیا جائے اور عوام کو اشیائے خورد و نوش مقررہ سرکاری نرخوں پر فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں عوام کو ناجائز منافع خوری سے بچانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور عوام کا استحصال کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے پرائس کنٹرول کمیٹی کو ہدایت کی کہ بازاروں میں روزانہ کی بنیاد پر معائنہ اور چھاپوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف فوری کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ اجلاس کے دوران دکانداروں نے اپنے مسائل بھی پیش کیے، جنہیں اسسٹنٹ کمشنر نے غور سے سنا اور جائز مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ دوسری جانب عوامی و سماجی حلقوں نے گرانفروشی کے خلاف انتظامیہ کے سخت اقدامات کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ان اقدامات سے شہر میں ناجائز منافع خوری کا خاتمہ ہوگا اور عوام کو ریلیف ملے گا۔

13

بلوچستان کی پالیسی کے تحت سولرائزیشن پروگرام کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ نمائندہ کیسکو نے بریفنگ میں بتایا کہ سولرائزیشن مکمل ہونے کے بعد ٹیوب ویلز سے اتارے گئے ٹرانسفارمرز، بجلی کے میٹرز اور دیگر سامان کیسکو کے حوالے کیا جانا تھا، تاہم بعض زمیندار تاحال سامان جمع کرانے میں تاخیر کر رہے ہیں، جس پر ڈپٹی کمشنر دکی نے ہدایت کی کہ جو زمیندار سرکاری سامان کیسکو کے حوالے نہیں کریں گے، ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر متعلقہ اداروں کو باہمی رابطہ مزید مؤثر بنانے اور تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی، تاکہ سولرائزیشن پروگرام کامیابی سے مکمل ہو اور زمینداروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

14

سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا رکن صوبائی اسمبلی نے علاقے میں شکار کے اجازت ناموں کے اجراء، مختلف اقسام کے شکار کے لیے مقررہ فیس اور اس سے حاصل ہونے والی آمدن کے استعمال سے متعلق تفصیلات دریافت کیں ایس ڈی او وائلڈ لائف نے بتایا کہ قانونی طریقہ کار کے تحت شکار کی فیس سے حاصل ہونے والی رقم کا 80 فیصد مقامی آبادی کی فلاح و بہبود جبکہ 20 فیصد سرکاری خزانے میں جمع کیا جاتا ہے انہوں نے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شکار کی فیس سے حاصل ہونے والی آمدن کے استعمال میں مکمل شفافیت یقینی بنائی جائے اور مقامی آبادی کے لیے خرچ کی جانے والی رقم کی باقاعدہ تفصیلات اور رپورٹ فراہم کی جائے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ عوام کے نام پر حاصل ہونے والے وسائل واقعی عوام ہی کی فلاح و بہبود پر خرچ ہو رہے ہیں۔

15

اس حوالے سے تحقیقات میں غور جاری ہے۔ واپڈا ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے مکمل تحقیقات کرائی جائیں گی۔ آج واقعے کی مکمل اسیسمنٹ کے بعد باقاعدہ انکوائری کمیٹی تشکیل دیے جانے کا امکان ہے۔ دستاویزات کے مطابق تربیلا پانچویں توسیعی منصوبے کی ابتدائی منظور شدہ لاگت 82 ارب 36 کروڑ روپے تھی، تاہم منصوبے پر جنوری 2026 تک 153 ارب 95 کروڑ روپے خرچ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ اس طرح منصوبے پر ابتدائی منظور شدہ لاگت سے 71 ارب 59 کروڑ روپے زائد خرچ ہو چکے تھے۔ دستاویزات کے مطابق منصوبے کا تعمیراتی کام اگست 2021 میں شروع ہوا، جبکہ جنوری کی رپورٹ میں تکمیل کی تاریخ مئی 2027 مقرر کی گئی تھی۔ منصوبے میں 1530 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کے 3 یونٹ نصب کیے جانے ہیں، تاہم منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کے باعث سابقہ مشاورتی کمپنی کا معاہدہ جون 2024 میں ختم کر دیا گیا اور منصوبے کے باقی ماندہ کام کی نگرانی کے لیے نئی مشاورتی کمپنیوں کی خدمات حاصل کی گئیں۔ واپڈا کے مطابق رابطہ سرنگ کی کھدائی کے دوران چٹان کا کمزور حصہ گرنے سے پانی داخل ہوا۔ حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور اہم تنصیبات محفوظ ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ منصوبے کی تعمیراتی پیش رفت، بڑھتی لاگت اور حالیہ حادثے کے بعد حفاظتی انتظامات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ تربیلا منصوبے میں پیش آنے والے واقعے کی تکنیکی وجوہات جاننے کے لیے آزادانہ تحقیقات کی ضرورت ہے، جبکہ حفاظتی انتظامات، تعمیراتی معیار اور حادثے کے ممکنہ مالی اثرات کا تفصیلی جائزہ لینے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ حادثے کے بعد منصوبے کا پی سی ون تبدیل ہونے کا امکان ہے، جبکہ منصوبے کی لاگت مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ٹی 5 منصوبے کی لاگت 200 ارب روپے سے زائد ہونے کا خدشہ ہے۔

16

اور سرکاری محکموں کی کارکردگی کو عوام کے سامنے جوابدہ بنانے کے لیے ضلع نصیرآباد کی تحصیل منجھو شوری میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی سربراہی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلع بھر کے تمام ضلعی محکموں کے سربراہان اور متعلقہ افسران نے شرکت کی کھلی کچہری میں منجھو شوری اور گرد و نواح کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے درپیش مسائل زبانی اور تحریری طور پر ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ محکموں کے افسران کے سامنے پیش کیے اس موقع پر شرکاء نے علاقے میں امن و امان کی مخدوش صورتحال، زرعی پانی کی قلت، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ ڈکیتی اور چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق افراد کے سروے نہ ہونے اور دیگر بنیادی عوامی مسائل کی نشاندہی کی ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے عوام کی شکایات اور گزارشات کو نہایت توجہ سے سنا اور متعلقہ محکموں کے سربراہان کو موقع پر ہی مسائل کے حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں انہوں نے متعدد شکایات پر موقع پر احکامات صادر کرتے ہوئے بعض مسائل کے فوری حل کے اقدامات کیے جبکہ دیگر مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو ترجیحی بنیادوں پر عملی اقدامات اٹھانے اور پیش رفت یقینی بنانے کی ہدایت کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر اپنی شکایات پیش کرنے کا موقع فراہم کرنا متعلقہ محکموں کو عوام کے سامنے جوابدہ بنانا اور مسائل کے حل کے لیے مؤثر رابطہ کاری کو فروغ دینا ہے انہوں نے متعلقہ افسران پر زور دیا کہ وہ عوامی شکایات کو محض رسمی کارروائی نہ سمجھیں بلکہ ان کے حل کے لیے سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں کھلی کچہری میں شریک عوام نے اپنے مسائل سننے اور متعدد شکایات پر موقع پر احکامات جاری کرنے پر ڈپٹی کمشنر وریندر لعل اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا شرکاء نے اس امید کا اظہار کیا کہ پیش کیے گئے دیگر مسائل بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے اس نوعیت کی کھلی کچہریوں کا باقاعدگی سے انعقاد جاری رکھا جائے تاکہ شہریوں کو اپنے مسائل اعلیٰ ضلعی حکام تک براہ راست پہنچانے اور ان کے حل کے لیے مؤثر پلیٹ فارم میسر رہے۔

17

نے بتایا کہ گاڑی کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار افراد شدید زخمی ہوئے، دونوں افراد کو زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ وہ راستے میں دم توڑ گئے۔

18

میں زبردست تیزی دیکھی گئی، پہلے سیشن میں 100 انڈیکس میں 3 ہزار 353 پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے بعد انڈیکس ایک لاکھ 77 ہزار 240 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کرتا دیکھا گیا۔ گزشتہ روز کاروباری دن کے اختتام پر ہنڈریڈ انڈیکس ایک لاکھ، 73 ہزار 887 کی سطح پر بند ہوا تھا۔ دوسری جانب انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں ایک پیسے کی کمی ہوئی ہے۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق انٹربینک میں ڈالر ایک پیسہ سستا ہونے کے بعد 276 روپے 65 پیسے کا ہو گیا۔ اسٹاک مارکیٹ میں تیزی سرمایہ کاروں کے اعتماد اور حصص کی خریداری میں اضافے کی عکاسی کرتی ہے، تاہم کاروبار کے اختتام پر مارکیٹ کی حتمی صورتحال واضح ہوگی۔

19

حوالے سے بتایا کہ طیاروں کی منتقلی ایران کی جانب سے ممکنہ خطرے کے پیش نظر کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق یہ برطانیہ میں دوسرا فوجی اڈہ ہے جہاں سے امریکی فوج نے ایران کے خطرے کے باعث اپنے طیارے منتقل کئے ہیں۔ تاہم رپورٹ میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ طیاروں کی تعداد کتنی تھی، انہیں کہاں منتقل کیا گیا اور ایران کی جانب سے کس نوعیت کا خطرہ درپیش تھا۔ امریکی حکام کی جانب سے تاحال اس حوالے سے کوئی باضابطہ بیان سامنے نہیں آیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ماہ اکتوبر میں بھی برطانیہ کے فیئر فورڈ فوجی اڈے پر ممکنہ دہشت گرد حملے کے خدشے کے پیش نظر امریکا نے وہاں تعینات اپنا بی ون بمبار طیارہ واپس بلا لیا تھا۔

20

ترجمان محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ کم سے کم درجہ حرارت کے اعداد و شمار کے مطابق، زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ، قلات میں 4 ڈگری اور کوئٹہ میں 7 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اسی طرح ژوب میں کم سے کم درجہ حرارت 11 ڈگری، چمن میں 12 ڈگری، جبکہ ساحلی علاقے گوادر میں 17 ڈگری اور جیونی میں 20 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ علاوہ ازیں سبی میں 19 ڈگری، تربت میں 21 ڈگری اور نوکنڈی میں بھی کم سے کم درجہ حرارت 21 ڈگری سینٹی گریڈ درج کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے کے بیشتر حصوں میں خشک اور بالائی علاقوں میں خنک ہوائیں چلنے کا سلسلہ جاری رہے

21

کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان ٹیکسٹائل، غذائی اجناس کی تیاری و پراسیسنگ، زراعت، تعمیرات و املاک اور خصوصی اقتصادی زونز سمیت اہم شعبوں میں باہمی سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں علاقائی روابط کے فروغ، دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے درمیان براہ راست تعاون بڑھانے اور سرحد پار سرمایہ کاری و تجارتی شراکت داری کے نئے امکانات سے استفادہ کرنے پر بھی توجہ دی گئی۔ ملاقات میں ایس آئی ایف سی کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا گیا کہ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو مربوط ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے اور متعلقہ فریقین کے درمیان موثر روابط قائم کرنے کے لیے مرکزی سہولت کار کے طور پر کام کر رہی ہے۔ ملاقات میں اس امر پر اتفاق رائے کا اظہار کیا گیا کہ نجی شعبے کی زیادہ فعال شمولیت، کاروباری روابط میں بہتری اور مشترکہ اقتصادی مفادات کے حامل شعبوں میں تعاون کے ذریعے پاکستان اور ازبکستان کے اقتصادی تعلقات کو نئی وسعت دی جا سکتی ہے۔ ایس آئی ایف سی بین الاقوامی سرمایہ کاری کی شراکت داریوں کے فروغ، دوطرفہ کاروباری روابط میں سہولت اور باہمی تعاون کے دستیاب امکانات کو عملی اقتصادی مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ پاکستان کو سرمایہ کاری کے پرکشش مرکز کے طور پر مزید مستحکم کیا جا سکے۔

22

اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبے بھر کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، سیکیورٹی انتظامات، جرائم کی روک تھام پولیس کی کارکردگی اور عوام کے تحفظ سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر تمام آر پی اوز اور ڈی پی اوز نے اپنے متعلقہ رینجز اور اضلاع میں امن و امان کی صورتحال درپیش چیلنجز اور جرائم کے سدباب کے لیے کئے جانے والے اقدامات کے حوالے سے آئی جی پولیس کو بریفنگ دی۔ آئی جی پولیس محمد طاہر نے افسران کو ہدایت کی کہ تمام اضلاع میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے مربوط اور مؤثر حکمت عملی اپنائی جائے اور سیکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لانے پولیس گشت بڑھانے اور عوامی مقامات کی سیکیورٹی اقدامات کی مزید بہتری مؤثر بنانے اور اس کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھنے کی ہدایت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیسنگ کے نظام کو مزید فعال بنایا جائے اور کسی بھی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی منصوبہ بندی کو یقینی بنایا جائے۔ آئی جی پولیس نے پولیس افسران کو عوام کے ساتھ خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ رویہ اپنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں کی سطح پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے سائلین کو عزت و احترام دیا جائے ان کی شکایات کا فوری ازالہ جائے اور میرٹ پر ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کو مزید مستحکم کیا جا سکے۔ انہوں نے آر پی اوز اور ڈی پی اوز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں پولیس دربار کا باقاعدگی سے انعقاد کیا جائے جس میں پولیس افسران اور اہلکاروں کی کارکردگی کا موازنہ کریں اور بہتر کارکردگی کرنے والے اہلکاروں کی کارکردگی کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ جبکہ عوام کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں۔ اجلاس کے اختتام پر آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان پولیس صوبے میں امن و امان کے قیام جرائم کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی یقینی بنانے کے لیے اپنی تمام تر پیشہ ورانہ صلاحیتیں بروئے کار لاتی رہے گی۔

23

اہمیت کا حامل ہے پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کے تمام یونٹوں کے ذمہ داران اپنی تیاریوں کو حتمی شکل دیں اور اپنے یونٹوں کے تمام کارکنوں کی کنونشن میں بھرپور شرکت یقینی بنائیں۔

24

کے اسباب، پس منظر اور تمام حقائق پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ متعلقہ ادارے واقعے کی وجوہات اور اب تک کے اقدامات سے متعلق رپورٹ پیش کریں گے۔ وزیراعظم کو رپورٹ میں نقصانات اور ذمہ داریوں کے تعین سے متعلق تفصیلات بھی فراہم کی جائیں گی۔

25

عام آدمی کی پہنچ سے دور ہیں دوسری جانب علاقے میں خشک سوکھی لکڑی بھی ناپید ہوتی جارہی ہے، فی پک اپ لوڈ 60/70 ہزار روپے تک پہنچ گیا ہے پنجگور میں ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں اضافے اور سوکھی لکڑیوں کی عدم دستیابی سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے شہریوں نے اپیل کی ہے کہ ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں کمی کر کے پنجگور سے دوسرے علاقوں کو گیس کے جانے پر پابندی عائد کر دی جائے کیونکہ پنجگور واحد ڈسٹرکٹ ہے جہاں کوئی متبادل ذریعہ دستیاب نہیں۔

26

آیا، فائرنگ کے نتیجے میں دو پرائیویٹ سیکیورٹی اہلکار اور راہ چلتی خاتون جاں بحق ہوئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد اسپتال منتقل کر دیا، زخمیوں میں رحمان شیر، زاہد گیلانی، عمران، عامر، یوسف خان، محمد عتیق اور مسعود خان شامل ہیں۔

27

معتز ابادغلس کے نام سے کی۔ فلسطینی خبر رساں ادارے وفا کے مطابق فائرنگ سے زخمی ہونے والوں میں 17 سالہ نوجوان شامل ہے جسے پیٹ اور کولہے میں گولیاں لگیں، جبکہ 19 سالہ نوجوان ہاتھ پر گولی لگنے سے زخمی ہوا۔ اسرائیلی فوج نے برقہ میں فائرنگ کے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوجیوں نے اسرائیلی گاڑیوں پر پتھر پھینکنے کی کوشش کرنے والے فلسطینیوں کو روکنے کے لیے گولیاں چلائیں۔ اسرائیلی فوج کے بیان کے مطابق اس کے اہلکاروں نے خطرے کو ختم کرنے کے لیے فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں متعدد افراد کو گولیاں لگنے کی تصدیق ہوئی ہے۔ دوسری جانب وفا نے رپورٹ کیا کہ اسرائیلی فوج نے شہید لڑکے کے والد کو حراست میں لیا اور زخمیوں تک ایمبولینس کو پہنچنے سے روکا۔ پورٹ کے مطابق علاقے میں کام کرنے والے فلسطینی ہلال احمر کے تین رضا کار طبی کارکنوں کو بھی کچھ وقت کے لئے حراست میں رکھا گیا۔ الجزیرہ کے مطابق اقوام متحدہ نے 7 اکتوبر 2023 کے بعد مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاروں کے تشدد اور حملوں کو غیر معمولی سطح تک پہنچنے والا قرار دیا ہے۔ اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق اس تاریخ سے اب تک مقبوضہ مغربی کنارے میں کم از کم 1,143 فلسطینی جاں بحق ہو چکے ہیں، جن میں 250 بچے بھی شامل ہیں۔ اس تعداد میں اسرائیلی آبادکاروں کے ہاتھوں مارے جانے والے فلسطینی بھی شامل ہیں۔ مسلح تنازعات اور واقعات کی نگرانی کرنے والے ادارے اے سی ایل ای ڈی کے مطابق 2026 آبادکاروں کے تشدد کے حوالے سے گزشتہ ایک دہائی کا سب سے پرتشدد سال بننے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ ادارے کے مطابق صرف جولائی میں مسلح آبادکاروں اور اسرائیلی فوج سے متعلق چار واقعات میں 11 افراد ہلاک ہوئے۔

28

چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے۔ بارش سے متاثر ہونے والے علاقوں میں دیر، چترال، سوات، کوہستان، شانگلہ، بگرام، مانسہرہ اور ایبٹ آباد شامل ہیں، جبکہ پشاور، مردان، صوابی، نوشہرہ، بنوں، کرک اور ڈیرہ اسماعیل خان میں بھی بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ اسی طرح آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 10 سے 14 نومبر کے دوران بارش جبکہ پہاڑی علاقوں میں برفباری متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد، راولپنڈی، مری اور گلیات میں آج رات تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہو سکتی ہے۔ پنجاب کے مختلف اضلاع میں 12 اور 13 نومبر کے دوران بارش کا امکان ہے، لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، نارووال اور سرگودھا میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے، جبکہ ڈیرہ غازی خان، لیہ، بھکر اور ملتان میں 12 نومبر کو بارش ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، تاہم 11 اور 12 نومبر کو چند مقامات پر بارش متوقع ہے۔ سندھ کے بیشتر علاقوں میں بھی آئندہ چند روز کے دوران موسم خشک رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بارش اور برفباری کے باعث پہاڑی علاقوں میں سڑکیں پھسلن کا شکار ہو سکتی ہیں جبکہ شدید برفباری کی صورت میں بعض سڑکوں کی بندش کا بھی خدشہ ہے۔ کسانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ متوقع موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی فصلوں کی حفاظت کیلئے ضروری اقدامات کریں۔ مزید برآں بارشوں کے بعد میدانی علاقوں میں بعض مقامات پر دھند چھانے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے، جس کے باعث شہریوں اور مسافروں کو سفر کے دوران احتیاط برتنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

29

خصوصی افراد کی رجسٹریشن اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات سے متعلق تفصیلی معلومات حاصل کیں ڈپٹی ڈائریکٹر نے بتایا کہ کمک پروگرام کے تحت مستحقین کی فہرستیں تکمیل کے مراحل میں ہیں، جبکہ خصوصی افراد کے لیے ای بائیکس، وہیل چیئرز اور دیگر معاون آلات کی فراہمی سے متعلق فہرست سازی کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے۔ متعلقہ فہرستیں جلد اعلیٰ حکام کو ارسال کی جائیں گی تاکہ امدادی سہولیات کی فراہمی کا عمل آگے بڑھایا جا سکے۔ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ہدایت کی کہ مستحق اور خصوصی افراد کی درست نشاندہی کرتے ہوئے تمام ضروری کارروائی جلد مکمل کی جائے تاکہ سرکاری امداد حقیقی حقداروں تک بروقت پہنچ سکے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ فلاحی منصوبوں پر مؤثر عملدرآمد اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے تاکہ معاشرے کے مستحق اور خصوصی افراد بہتر سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔

30

کہ ایران کیخلاف جنگ غیر مقبول ہو سکتی ہے لیکن ضروری تھی، کسی نہ کسی کو جنگ اور ایرانی رجیم کا سامنا کرنا ہی تھا، امریکی عوام فتح سے کم کچھ قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ صدر ٹرمپ کے اقدامات کا مثبت انداز میں جائزہ لے گی، ایران کو جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

31

کیخلاف جنگ غیر مقبول ہو سکتی ہے لیکن ضروری تھی، کسی نہ کسی کو جنگ اور ایرانی رجیم کا سامنا کرنا ہی تھا، امریکی عوام فتح سے کم کچھ قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ صدر ٹرمپ کے اقدامات کا مثبت انداز میں جائزہ لے گی، ایران کو جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

32

نے ملزمان کا 13، 13 دن کا جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس پر سماعت کی۔ تفتیشی افسران نے کہا کہ ملزمان نے پولیس کیساتھ لڑائی جھگڑا کیا، ملزمان نے رہائشی بلاکس میں شہریوں کو محصور کیا، ملزمان سے مزید تفتیش اور دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے 30، 30 دن کا جسمانی ریمانڈ چاہیے۔ پولیس نے تھانہ سنگجانی اور انڈسٹریل ایریا میں مقدمات درج ہیں۔

33

پیدا ہوئے وہ نصف صدی سے زائد تک خارزار سیاست میں آبلہ پائی کرتے رہے اپنے 55 سالہ سیاسی کیریئر میں اگرچہ نواب زادہ نصراللہ خاں مقبول سیاسی رہنما نہ بن سکے لیکن ہر سیاسی رہنما ان کے سیاسی ڈیرے پر حاضری ضرور دیتا تھا بڑے بڑے سیاستدان ان سے سیاسی معاملات پر مشاورت کیلئے آتے رہے۔ سیاسی تاریخ میں ان کا اہم ترین کارنامہ 12 اکتوبر 1999ء کو جمہوریت پر شب خون مارنے والے جنرل (ر) پرویز مشرف کے خلاف پاکستانی سیاست کے دو روایتی حریفوں میاں نواز شریف اور محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنا تھا۔ ان گنت سیاسی اتحادوں کا بانی نوابزادہ نصراللہ خاں 26 ستمبر 2003ء کو 85 برس کی عمر میں اس جہان فانی سے رخصت ہو گیا۔

34

فراہم کرنا ہے اس دن کی مناسبت سے ملک بھر میں محکمہ صحت اور سماجی تنظیموں کی جانب سے سیمینارز، واکس اور دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ ذیابیطس سے بچاؤ کا عالمی دن اس مرض کی دوا انسولین تیار کرنیوالے کے یوم پیدائش کے موقع پر منایا جاتا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں کروڑوں لوگ ذیابیطس (شوگر) سے متاثرہ ہیں پاکستان میں بھی ایک محتاط اندازے کے مطابق ایک کروڑ سے زائد لوگ شوگر کے مرض کا شکار ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ذیابیطس کے اسباب میں موٹاپا، تمباکو نوشی اور ورزش نہ کرنا اہم وجوہات ہیں احتیاطی تدابیر، مناسب ورزش سے اس مرض سے محفوظ رہا جا سکتا ہے جبکہ مرض لاحق ہونے کے باوجود بھی معمول کے مطابق زندگی گزاری جا سکتی ہے۔

35

ملازمتیں کنٹریکٹ بنیادوں پر دینے کا فیصلہ نوجوانوں کی مشکلات میں مزید اضافے کا سبب بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرکاری ملازمتیں نوجوانوں کے لیے روزگار کے حصول کا ایک اہم ذریعہ ہیں، لیکن کنٹریکٹ بنیادوں پر بھرتیوں کا فیصلہ نوجوانوں کے مستقبل کو غیر محفوظ بنانے کے مترادف ہے۔ سرکاری ملازمتوں میں مستقل روزگار، ملازمت کا تحفظ اور دیگر بنیادی مراعات نوجوانوں کا حق ہیں، جنہیں کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ صوبے میں پہلے ہی بے روزگاری کی شرح تشویشناک ہے، ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں ہاتھوں میں لیے روزگار کے انتظار میں ہیں، جبکہ دوسری جانب حکومت کی جانب سے ایسے فیصلے کیے جا رہے ہیں جو نوجوانوں میں احساس محرومی اور مایوسی کو مزید بڑھا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ وہ نوجوانوں کے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے سرکاری ملازمتیں کنٹریکٹ کی بجائے مستقل بنیادوں پر فراہم کرنے کے لیے پالیسی مرتب کرے، میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنائے اور نوجوانوں کو باعزت اور مستقل روزگار کے مواقع فراہم کرے۔ عوام پاکستان پارٹی نوجوانوں کے معاشی اور روزگار کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔

36

انصاف ایک بڑی سیاسی جماعت ہے جس کی قیادت اور کارکنوں نے ملک کے جمہوری عمل میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ سیاسی اختلافات کو دشمنی میں تبدیل کرنا کسی بھی جمہوری معاشرے کے مفاد میں نہیں۔ سیاسی جماعتوں کو اپنا موقف پیش کرنے، عوام سے رابطہ رکھنے اور آئینی و جمہوری سرگرمیاں جاری رکھنے کا مکمل حق حاصل ہونا چاہیے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ، پی ٹی آئی کے منتخب نمائندوں اور کارکنوں کے خلاف کارروائیوں نے سیاسی ماحول کو مزید کشیدہ کر دیا ہے۔ ایسے اہم فیصلوں اور اقدامات کو آئینی تقاضوں، جمہوری اصولوں اور عوامی مینڈیٹ کی روشنی میں پرکھنا ضروری ہے۔ اختلافات کا حل طاقت کے استعمال یا انتظامی پابندیوں میں نہیں بلکہ سیاسی مذاکرات اور باہمی افہام و تفہیم میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو آئین اور قانون کے مطابق بنیادی حقوق اور منصفانہ قانونی کارروائی کا حق ملنا چاہیے۔ حکومت کو چاہیے کہ سیاسی انتقام کے تاثر کو ختم کرے، تمام سیاسی جماعتوں کو یکساں سیاسی آزادی فراہم کرے اور ملک کو محاذ آرائی کی سیاست سے نکالنے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ انہوں نیکہا کہ پاکستان کو اس وقت اتحاد، قومی یکجہتی، معاشی استحکام اور امن کی ضرورت ہے۔ تمام سیاسی قوتوں کو ملکی مفاد کو ترجیح دیتے ہوئے مذاکرات کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ جمہوریت کی مضبوطی، آئین کی بالادستی، پارلیمان کے احترام اور عوام کے حق رائے دہی کا تحفظ ہی ملک کو موجودہ سیاسی بحران سے نکالنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

37

کا شکار ہے جس میں 11 فیصد نوجوان ہیں۔ خون میں شوگر تحلیل نہ ہونے اور شریانوں میں جمع ہونے کا نام ذیابیطس ہے، اس پر قابو نہ پایا جائے تو صحت سے متعلق پیچیدگیاں بڑھ کر ہارٹ اٹیک، کڈنی کے ناکارہ ہونے اور آنکھوں کی بینائی جانے سمیت جسم کے اعضا کاٹنے کی نوبت بھی آ جاتی ہے۔ سال 2019ء میں دنیا میں سب سے زیادہ اموات ذیابیطس کی وجہ سے رپورٹ ہوئی تھیں۔ طبی ماہرین کے مطابق ذیابیطس یا شوگر تمام امراض کی جڑ ہے، اگر بروقت اسے قابو نہ کیا جائے تو انسولین ہی اس کو کنٹرول کرنے کا واحد حل بچتا ہے۔ ماہرین بتاتے ہیں کہ دن میں ورزش اور مرغن غذاؤں، میٹھی اشیا کے پرہیز سے ذیابیطس پر قابو ممکن ہے، مخصوص دواؤں اور لائف سٹائل کی تبدیلی کے ساتھ مریض صحت مند زندگی گزار سکتا ہے۔

38

۔ برطانوی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایرانی مسلح افواج نے کہا ہے کہ کارروائی کا ہدف آبنائے ہرمز کے جنوبی علاقے میں موجود ایک چٹان پر نصب بحری نیویگیشن آلات تھے۔ ایرانی حکام نے الزام عائد کیا ہے کہ امریکا ان نیویگیشن سسٹمز کو تیل کی اسمگلنگ میں مدد کے لئے استعمال کر رہا تھا۔ تاہم ایرانی بیان میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ ان سسٹمز کو کس طریقے سے نشانہ بنایا گیا، انہیں کتنا نقصان پہنچا یا کارروائی میں کون سے ہتھیار استعمال ہوئے۔ امریکا کی جانب سے اس الزام یا ایرانی کارروائی کے دعوے پر فوری ردعمل سامنے نہیں آیا، جبکہ واقعے کی آزادانہ تصدیق بھی نہیں ہو سکی۔

39

عوامی مفاد سے وابستہ تمام اہم منصوبے مقررہ مدت میں معیار اور شفافیت کے ساتھ مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی منصوبے میں تاخیر قابل قبول نہیں ہوگی اور ذمہ دار آفیسران کو ہر ممکن اقدام کے ذریعے کام کی رفتار تیز کرنی ہوگی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ یہ منصوبے صرف تعمیراتی سرگرمیاں نہیں بلکہ عوام کی بنیادی ضروریات، سہولیات اور معیار زندگی کے بہتر امکانات کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ان کی تکمیل سے صوبے کی معیشت کو مثبت فروغ ملے گا، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور عوامی خدمت کے شعبوں میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ منصوبوں کی نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، جبکہ ہر منصوبے کی پیش رفت کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے گا۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ منصوبوں میں معیار، شفافیت اور وقت کی پابندی کو یقینی بنایا جائے اور رکاوٹوں کی صورت میں فوری طور پر حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی وسائل کا شفاف اور مؤثر استعمال حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور تمام ادارے اپنی ذمہ داریوں کی بھرپور ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ منصوبوں کی تکمیل کے بعد ان کی دیکھ بھال اور پائیداری کے لیے بھی عملی منصوبہ بندی کی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 34 اسٹریٹجک منصوبوں میں سے 14 مکمل کئے جا چکے ہیں جبکہ باقی ماندہ منصوبوں پر کام جاری ہے۔

40

نے چار روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ملزم کو تفتیش مکمل کر کے 13 نومبر کو دوبارہ پیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے آئندہ تاریخ پر مکمل تفتیشی رپورٹ، پوسٹ مارٹم رپورٹ بھی طلب کی ہے، ملزم شوہر کی طرف سے کوئی وکیل پیش نہیں ہوا۔ قبل ازیں ملزم کا ایک دن کا جسمانی ریمانڈ دیا گیا تھا، جسمانی ریمانڈ منظور ہونے کے بعد پولیس ملزم کو واپس تھانہ لے گئی۔

41

موقع پر ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے عوام کو صحت کی بنیادی اور معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، تاہم اب یہ محکمہ صحت کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ حکومتی اقدامات اور ان کے ثمرات عوام کی دہلیز تک پہنچانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور اس حوالے سے کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ غیر حاضر عملے کی تنخواہوں سے کٹوتی کے ساتھ ساتھ ان کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی تاکہ سرکاری طبی مراکز میں عملے کی حاضری یقینی بنانے کے ساتھ عوام کو بلاتعطل علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ محکمہ صحت جعفرآباد میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار اور منظور شدہ پی سی ون کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، جبکہ منصوبوں کی بروقت تکمیل اور تعمیراتی معیار پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ سرکاری وسائل کا درست استعمال ممکن ہو اور عوام ان منصوبوں سے حقیقی معنوں میں مستفید ہو سکیں۔

42

سامنے ہتھیار ڈالنے کا وقت آ گیا ہے۔ محسن رضائی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں امریکی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ ایران کے خلاف جنگ نے امریکی حکومت کو پہلے ہی شدید نقصان پہنچایا ہے، لیکن واشنگٹن ایک مایوس جواری کی طرح مسلسل کوششیں کر رہا ہے۔ رضائی نے امریکا سے کہا کہ وہ غیر حقیقی مذاکرات سے متعلق خبریں پھیلانا بند کرے اور مغربی ایشیا میں ابھرنے والی نئی علاقائی صورت حال کو تسلیم کرے۔ انہوں نے زور دیا کہ امریکا ایران کی جانب سے بار بار پیش کی جانے والی سات شرائط تسلیم کرے، جنہیں تہران تنازع کے خاتمے کے لیے ضروری قرار دیتا رہا ہے۔ محسن رضائی نے ایران کی ان سات شرائط کی تفصیلات بیان نہیں کی گئیں۔ تاہم ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان جنگ ختم کرنے کے لیے سفارتی رابطوں اور ثالثی کی کوششیں جاری ہیں۔ ایرانی قیادت کی جانب سے سخت بیانات اور امریکا کی جانب سے ممکنہ معاہدے کی باتوں کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان کسی حتمی سمجھوتے کا اعلان نہیں کیا گیا۔

43

اعلان کیلئے درخواست وفاقی حکومت کو بھجوا دی، وفاقی حکومت نے انتخابی تاریخ کے تعین کیلئے الیکشن کمیشن سے رجوع کرنا ہے، وفاقی حکومت کی جانب سے تاحال کوئی جواب موصول نہیں ہوا، دو کنٹونمنٹ بورڈ کی حلقہ بندیاں بھی کرنا ہیں، جنوری تک مہلت دی جائے، چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ وزارت دفاع کی التوا درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا گیا۔

44

سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا رکن صوبائی اسمبلی نے علاقے میں شکار کے اجازت ناموں کے اجراء، مختلف اقسام کے شکار کے لیے مقررہ فیس اور اس سے حاصل ہونے والی آمدن کے استعمال سے متعلق تفصیلات دریافت کیں ایس ڈی او وائلڈ لائف نے بتایا کہ قانونی طریقہ کار کے تحت شکار کی فیس سے حاصل ہونے والی رقم کا 80 فیصد مقامی آبادی کی فلاح و بہبود جبکہ 20 فیصد سرکاری خزانے میں جمع کیا جاتا ہے انہوں نے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شکار کی فیس سے حاصل ہونے والی آمدن کے استعمال میں مکمل شفافیت یقینی بنائی جائے اور مقامی آبادی کے لیے خرچ کی جانے والی رقم کی باقاعدہ تفصیلات اور رپورٹ فراہم کی جائے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ عوام کے نام پر حاصل ہونے والے وسائل واقعی عوام ہی کی فلاح و بہبود پر خرچ ہو رہے ہیں۔

45

ہونے والی لاش کی شناخت عاقل حسین ولد شاہد رضا (قوم ہزارہ، سکنہ علمدار روڈ) کے نام سے ہوئی ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لیا اور ضروری قانونی کارروائی کے لیے سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا۔ واقعے کی وجوہات اور تفصیلات تاحال سامنے نہیں آ سکی ہیں۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات اور محرکات کا تعین کرنے کے لیے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

46

کے ادارے کے سربراہ میجر جنرل عمر الوائلی نے بتایا کہ ایران کے ساتھ مندلی بارڈر کراسنگ کو بند کر دیا گیا ہے، جبکہ الشیب سرحدی گزرگاہ کو دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ حکام نے گزرگاہوں کی بندش اور بحالی کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب عراقی وزیر خارجہ فواد حسین نے بتایا تھا کہ امریکی محکمہ خزانہ نے بغداد سے مطالبہ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ تمام سرحدی گزرگاہیں بند کر دی جائیں، تاہم دو گزرگاہیں کھلی رکھی جائیں۔ فواد حسین کے مطابق واشنگٹن ایران پر معاشی دباؤ بڑھانے کی کوششوں کے تحت یہ مطالبہ کر رہا ہے۔ تاہم عراقی حکام نے مندلی گزرگاہ کی بندش اور الشیب کو دوبارہ کھولنے کی وجہ مرمت اور دیکھ بھال کے کام کو قرار دیا ہے۔ عراق اور ایران کے درمیان سرحدی تجارت دونوں ملکوں کے معاشی تعلقات کا اہم حصہ ہے، اس لیے سرحدی گزرگاہوں سے متعلق فیصلوں پر خطے میں جاری معاشی اور سفارتی کشیدگی کے تناظر میں بھی نظر رکھی جا رہی ہے۔

47

ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف اقسام کے میزائل تیار کر رہے ہیں۔ ان میں ہرمز میزائل بھی شامل ہے، جسے دشمن کے ریڈار نظام کے خلاف استعمال کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ بریگیڈیئر جنرل علی بلالی کے مطابق یہ میزائل دشمن کے ریڈار سے خارج ہونے والی برقی مقناطیسی لہروں اور سگنلز کا پتا لگا کر ان کے منبع کی جانب رہنمائی حاصل کر سکتا ہے، جس سے ریڈار تنصیبات کو نشانہ بنانا ممکن ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی ماہرین نے ایسی میزائل ٹیکنالوجی کی تیاری میں پیش رفت کی ہے جو ریڈار سسٹم کے سگنلز کو استعمال کرتے ہوئے اپنے ہدف کی شناخت اور نشانہ بندی کر سکتی ہے۔ بلالی کا کہنا تھا کہ اس نوعیت کی ٹیکنالوجی کی تیاری ظاہر کرتی ہے کہ ایران کی میزائل صنعت اب صرف پہلے سے موجود ہتھیاروں کی نقل تیار کرنے تک محدود نہیں رہی بلکہ میدانِ جنگ کی ضروریات کے مطابق نئے میزائل نظام ڈیزائن اور تیار کرنے کی صلاحیت بھی حاصل کر چکی ہے۔ تاہم ہرمز میزائل کی عملی کارکردگی، اس کی رینج اور دیگر تکنیکی خصوصیات سے متعلق مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں، جبکہ اس کی صلاحیتوں کی آزادانہ تصدیق بھی سامنے نہیں آئی۔

48

اس حوالے سے تحقیقات میں غور جاری ہے۔ واپڈا ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے مکمل تحقیقات کرائی جائیں گی۔ آج واقعے کی مکمل اسیسمنٹ کے بعد باقاعدہ انکوائری کمیٹی تشکیل دیے جانے کا امکان ہے۔ دستاویزات کے مطابق تربیلا پانچویں توسیعی منصوبے کی ابتدائی منظور شدہ لاگت 82 ارب 36 کروڑ روپے تھی، تاہم منصوبے پر جنوری 2026 تک 153 ارب 95 کروڑ روپے خرچ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ اس طرح منصوبے پر ابتدائی منظور شدہ لاگت سے 71 ارب 59 کروڑ روپے زائد خرچ ہو چکے تھے۔ دستاویزات کے مطابق منصوبے کا تعمیراتی کام اگست 2021 میں شروع ہوا، جبکہ جنوری کی رپورٹ میں تکمیل کی تاریخ مئی 2027 مقرر کی گئی تھی۔ منصوبے میں 1530 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کے 3 یونٹ نصب کیے جانے ہیں، تاہم منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کے باعث سابقہ مشاورتی کمپنی کا معاہدہ جون 2024 میں ختم کر دیا گیا اور منصوبے کے باقی ماندہ کام کی نگرانی کے لیے نئی مشاورتی کمپنیوں کی خدمات حاصل کی گئیں۔ واپڈا کے مطابق رابطہ سرنگ کی کھدائی کے دوران چٹان کا کمزور حصہ گرنے سے پانی داخل ہوا۔ حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور اہم تنصیبات محفوظ ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ منصوبے کی تعمیراتی پیش رفت، بڑھتی لاگت اور حالیہ حادثے کے بعد حفاظتی انتظامات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ تربیلا منصوبے میں پیش آنے والے واقعے کی تکنیکی وجوہات جاننے کے لیے آزادانہ تحقیقات کی ضرورت ہے، جبکہ حفاظتی انتظامات، تعمیراتی معیار اور حادثے کے ممکنہ مالی اثرات کا تفصیلی جائزہ لینے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ حادثے کے بعد منصوبے کا پی سی ون تبدیل ہونے کا امکان ہے، جبکہ منصوبے کی لاگت مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ٹی 5 منصوبے کی لاگت 200 ارب روپے سے زائد ہونے کا خدشہ ہے۔

49

ذمہ دارانہ راستہ ہے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ پاکستان یوکرین تنازع کے پائیدار حل کیلئے سفارتی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

50

کے منشور کا حصہ ہے۔ ہم اصولی طور پر اس کے حامی ہیں، تاہم آئینی تقاضے پورے کیے جائیں۔ حکومت نے تاحال اس معاملے پر ہم سے کوئی رابطہ نہیں کیا۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پارٹی لڑائی جھگڑے ختم کر کے مفاہمت کا راستہ اپنائے، اداروں سے لڑائی کا کوئی فائدہ نہیں، تمام مسائل کا حل پارلیمنٹ سے نکلے گا۔ اداروں اور پی ٹی آئی کی لڑائی کا فائدہ ن لیگ اور پیپلز پارٹی کو ملا، نقصان لیڈرشپ اور کارکنوں کو ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بانی کے لیے آدھی رات کو اڈیالہ جیل میں طبی ٹیم کا جانا سوالیہ نشان ہے، حکومت اصل صحت چھپا رہی ہے۔ حکومت طبی رپورٹس خاندان کے حوالے کرے۔ شوکت یوسفزئی نے مزید کہا کہ علاج میں غفلت، ملاقاتوں پر پابندی اور وکلا تک رسائی نہ دینا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے میں ہم اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کیا جائے۔

51

کے داخلے پر پابندیاں عائد کی جارہی ہیں اور پولیس وکلا کے گھروں پر چھاپے مار کر چادر و چار دیواری کی پامالی پر اتر آئی ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ پولیس نے اورنگزیب کاکڑ ایڈووکیٹ اور ایڈووکیٹ ریاض کے گھروں میں توڑ پھوڑ کی، سینئر کامران مرتضی کے گھر جا کر اہل خانہ کو ہراساں کیا اور وسیم جدون کے بیٹے کو زدوکوب کیا۔ انہوں نے کہا کہ وکلا آئین اور قانون کے پاسبان ہیں، مگر پولیس اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے۔ وکلا اور پولیس کا تعلق لازم و ملزوم ہے، لیکن اگر کالے کوٹ اور ٹائی کی عزت نہ کی گئی تو قانونی نظام متاثر ہوگا۔ انہوں نے آئی جی پولیس اور صوبائی حکومت سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے وکلا کو تحفظ فراہم کرنے کی ہدایت کی تاکہ معاملات مزید خرابی کی طرف نہ جائیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وکلا رہنما اورنگزیب کاکڑ اور قاری رحمت اللہ نے کہا کہ ہم ایک قبائلی معاشرے کا حصہ ہیں جہاں گھروں میں گھسنے اور روایات کی پامالی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے پولیس رویے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واضح کیا کہ آئندہ کے سخت لائحہ عمل کا جلد اعلان کیا جائے گا۔

52

دیا گیا ہے۔ عدالت نے فیصلے میں قرار دیا کہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کو میڈیکل کالجز کی فیس مقرر کرنے کا اختیار حاصل ہے اور کالجز اپنی مرضی سے فیس وصول نہیں کر سکتے، اس کیلئے کونسل کی منظوری ضروری ہے۔ فیصلے کے مطابق میڈیکل کالجز کی فیس کی حد آئین کے خلاف نہیں اور میڈیکل تعلیم کو محض کاروبار نہیں بنایا جا سکتا، عدالت نے طلبہ کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے زائد وصول کی گئی فیس 30 ورکنگ دنوں میں واپس کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق یونیورسٹی آف فیصل آباد کے میڈیکل کالج کو ہر طالب علم کو 8 لاکھ 41 ہزار روپے سے زائد جبکہ ایف ایم ایچ کالج لاہور کو ہر طالب علم کو 7 لاکھ 41 ہزار روپے سے زائد واپس کرنا ہوں گے۔ عدالت نے قرار دیا کہ کالجز پہلے خود کونسل سے رجوع کر چکے تھے، اس لئے اب فیس کی حد پر اعتراض کرنا درست نہیں، فیصلے میں مزید تنبیہ کی گئی ہے کہ طلبہ کے خلاف کسی بھی قسم کی انتقامی کارروائی کی صورت میں توہین عدالت کی کارروائی ہو سکتی ہے۔

53

عروج پر پہنچ چکا ہے۔ شہری علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران 20، 20 گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے، جبکہ دیہی علاقوں کے مکین بجلی کی فراہمی کے نام کو ترس گئے ہیں۔ کیسکو افسران کی یونین سازی اور عدم توجہی کے باعث محکمہ شہریوں کے لیے سفید ہاتھی بن چکا ہے۔ طویل اور بے وقت لوڈشیڈنگ کے باعث مریض، بچے، خواتین اور بزرگ شدید ذہنی کوفت میں مبتلا ہیں، جبکہ کاروباری طبقے کو بھی معاشی نقصان کا سامنا ہے۔ صحبت پور کے سیاسی، سماجی و عوامی حلقوں نے وفاقی حکومت اور اعلیٰ حکام سے التجا کی ہے کہ کیسکو انتظامیہ کی اس لاپرواہی اور بے حسی کا فوری نوٹس لے کر بجلی کی سڈول کے مطابق فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش عذاب سے نجات مل سکے۔

54

کو ٹرمپ کی مقبولیت میں کمی کی بڑی وجہ قرار دیا گیا ہے۔ سروے کے مطابق صرف 21 فیصد امریکی شہریوں نے مہنگائی سے نمٹنے کے لئے ٹرمپ کی کارکردگی کی حمایت کی جبکہ امیگریشن پالیسی پر ان کی مقبولیت 38 فیصد اور معاشی معاملات سے نمٹنے پر صرف 25 فیصد رہی۔ رپورٹ کے مطابق ایران کے خلاف جنگ کے نتیجے میں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے نے امریکی عوام کے گھریلو بجٹ کو متاثر کیا ہے۔

55

خلاف بھاری جرمانے عائد کرنے کے ساتھ دکانیں سیل اور قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔

امریکا کے سامنے ایران کی سات شرائط، محسن رضائی کا ہتھیار ڈالنے کا مطالبہ

واشنگٹن ایک مایوس جواری کی طرح مسلسل کوششیں کر رہا ہے، سیکریٹری نیشنل سیکیورٹی کونسل

تہران (جی این ایم) ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے امریکا سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جنگ ختم کرنے کیلئے تہران کی پیش کردہ سات شرائط تسلیم کرے۔ انہوں نے واشنگٹن کو سخت پیغام دیتے ہوئے کہا کہ اب ایران کے مطالبات کے (باقی صفحہ 3 نمبر42)

ڈپٹی کمشنر جعفرآباد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس، طبی سہولیات کا جائزہ

سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی غیر حاضری برداشت نہیں، سخت کارروائی کی تنبیہ

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت کے افسران سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر کو ضلع بھر میں عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی، مفاد عامہ کے اقدامات اور محکمہ صحت میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس (باقی صفحہ 3 نمبر41)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ایرانی قونصل جنرل محمد کریمی تودشکی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس، اسٹریٹجک منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

صوبے کے 34 اسٹریٹجک منصوبوں میں سے 14 مکمل، عوام کی معاشی بہتری اور شفافیت پر زور

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اوور سائٹ اسٹریٹجک پر وجیکٹس کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے بھر میں زیر التوا اور جاری اہم اسٹریٹجک منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ (باقی صفحہ 3 نمبر39)



سرکاری ملازمتیں کنٹریکٹ پر دینے کا فیصلہ ناانصافی ہے، سید امان شاہ

(باقی صفحہ 3 نمبر35)

انتقامی کارروائیاں ملکی استحکام کیلئے نقصان دہ ہیں، سید صادق آغا

(باقی صفحہ 3 نمبر36)



جے یو آئی (ف) کے اسلام آباد میں احتجاج سے متعلق کیس میں 2 رہنماؤں کا جسمانی ریمانڈ منظور

(باقی صفحہ 3 نمبر32)

مولانا ہدایت الرحمٰن کا سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کا دورہ، امدادی پروگراموں کا جائزہ

(باقی صفحہ 3 نمبر29)

ملک کے بالائی علاقوں میں آج سے بارشوں اور پہاڑوں پر برفباری کی پیشگوئی

(باقی صفحہ 3 نمبر28)

مغربی کنارے میں اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 14 سالہ فلسطینی لڑکا شہید

(باقی صفحہ 3 نمبر27)



الیکشن کمیشن، کنٹونمنٹ بورڈز میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق کیس کا فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (جی این ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کنٹونمنٹ بورڈز میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے سماعت کی، وزارت دفاع نے کہا کہ کنٹونمنٹ بورڈز انتخابات کی تاریخ کے (باقی صفحہ 3 نمبر43)

اینکر ربیعہ احسن قتل کیس میں گرفتار ملزم کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

راولپنڈی (جی این ایم) خاتون اینکر ربیعہ احسن قتل کیس میں گرفتار شوہر کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا۔ خاتون اینکر ربیعہ احسن قتل کیس میں احسن طاہر کو منگل کو دوبارہ عدالت پیش کیا گیا، سینئر سول جج راولپنڈی محمد نصراللہ وٹو نے احسن طاہر کا 4 جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ دوران سماعت تفتیشی آفیسر کی جانب سے 10 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی، عدالت (باقی صفحہ 3 نمبر40)



اسلام آباد: چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (پی آئی ڈی) میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

تربیلا حادثہ؛ 82 ارب روپے کا توسیعی منصوبہ 200 ارب تک پہنچنے کا خدشہ

وزیر آبی وسائل اور وزیراعظم آفس نے حادثے کا نوٹس لے لیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (جی این ایم) تربیلا پانچویں توسیعی منصوبے میں پانی داخل ہونے کے واقعے سے تعمیراتی سرگرمیاں متاثر ہوگئی ہیں، جبکہ وزیر آبی وسائل اور وزیراعظم آفس نے حادثے کا نوٹس لے لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق تعمیرات غیر معیاری تھیں یا حادثہ قدرتی تھا، (باقی صفحہ 3 نمبر5)

عراق نے ایران کے ساتھ ایک سرحدی گزرگاہ بند، دوسری دوبارہ کھول دی

بغداد (جی این ایم) عراق نے ایران کے ساتھ اپنی ایک سرحدی گزرگاہ بند جبکہ دوسری کو دوبارہ کھولنے کا اعلان کیا ہے۔ عراقی حکام کے مطابق یہ اقدامات مرمت اور دیکھ بھال کے کام کے سلسلے میں کیے گئے ہیں۔ عراقی خبر رساں ادارے آئی این اے کے مطابق سرحدی گزرگاہوں (باقی صفحہ 3 نمبر3)

ایران کا نیا ہرمز میزائل تیار، ریڈار کو خود تلاش کر کے نشانہ بنائے گا، پاسداران انقلاب

تہران (جی این ایم) ایران کی پاسداران انقلاب کی فضائیہ کے کمانڈر کے مشیر بریگیڈیئر جنرل علی بلالی نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی ماہرین نے ہرمز نامی میزائل تیار کیا ہے جو دشمن کے ریڈار سسٹم سے خارج ہونے والے سگنلز کی شناخت کر کے انہیں نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے فارس کے مطابق علی بلالی نے بتایا کہ ایرانی ماہرین میدانِ جنگ کی (باقی صفحہ 3 نمبر4)

کیچ میں سکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن 2 دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشتگردوں سے اسلحہ، کمیونیکیشن کا سامان اور لوٹی گئی نقدی برآمد کر لی گئی

کوئٹہ (جی این ایم) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے دشت، بال نگور میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، جس کے دوران فائرنگ (باقی صفحہ 3 نمبر1)

کوئٹہ کے علاقے قائدآباد سے تشدد زدہ لاش برآمد، سول ہسپتال منتقل

مقتول کی شناخت علمدار روڈ کے رہائشی عاقل حسین ہزارہ کے نام سے ہوئی، پولیس کی تحقیقات جاری

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے علاقے قائدآباد میں تھانہ قائدآباد کی حدود مری آباد وسید آباد کے ایک مکان سے تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق برآمد (باقی صفحہ 3 نمبر2)



کوئٹہ، سابق وزیراعلیٰ ورکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر رہے ہیں

پی ٹی آئی جھگڑے ختم کر کے مفاہمت اختیار کرے، شوکت یوسفزئی

چھوٹے صوبے قومی ضرورت، عوام کے بنیادی مسائل حل ہوں گے، آئینی تقاضے پورے کیے جائیں

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی خیبرپختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ اداروں کیساتھ لڑائی کا کوئی فائدہ نہیں، پارٹی لڑائی جھگڑے ختم کر کے مفاہمت کا راستہ اپنائے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما نے کہا ہے کہ چھوٹے صوبے قومی ضرورت ہیں، ان کے قیام سے عوام کے بنیادی مسائل حل ہوں گے۔ نئے صوبے بنانا تحریک انصاف (باقی صفحہ 3 نمبر7)

یوکرین تنازع کے پائیدار حل کیلئے سفارتی کوششوں کی حمایت جاری رہے گی، حیدر شاہ

فریقین مزید کشیدگی سے گریز اور عالمی قانون کی پاسداری کریں، تنازع کا پرامن حل ہی واحد قابل عمل اور ذمہ دارانہ راستہ ہے

یوکرین تنازع کا پرامن حل ہی واحد قابل عمل اور ذمہ دارانہ راستہ ہے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا سلامتی کونسل میں خطاب

نیویارک (جی این ایم) پاکستان نے یوکرین تنازع کے حل کیلئے جنگ بندی، مذاکرات اور سفارتکاری پر زور دیا ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ کیلئے پاکستان کے مستقل مندوب سید حیدر شاہ نے سلامتی کونسل کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ یوکرین جنگ کی شدت اور شہری ہلاکتوں میں اضافے پر پاکستان کو گہری تشویش ہے، توانائی کی تنصیبات، ذرائع نقل وحمل اور تجارتی جہازوں پر حملے تشویشناک ہیں۔ سید حیدر شاہ نے کہا کہ فریقین مزید کشیدگی سے گریز اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری کریں، یوکرین تنازع کا پرامن حل ہی واحد قابل عمل اور (باقی صفحہ 3 نمبر6)



کوئٹہ، اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین صوبائی اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر رہے ہیں

ایران کا آبنائے ہرمز کے جنوب میں امریکی نیویگیشن سسٹم کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

تہران (جی این ایم) ایران کی مسلح افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے جنوبی حصے میں ایک چٹان پر نصب نیویگیشن سسٹم کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ایرانی حکام نے الزام لگایا ہے کہ ان سسٹمز کو امریکا تیل کی مبینہ اسمگلنگ میں سہولت فراہم کرنے کے لئے استعمال کر رہا تھا (باقی صفحہ 3 نمبر38)

پاکستان کی 26.7 فیصد آبادی ذیابیطس کا شکار، 11 فیصد نوجوان شامل

اسلام آباد (جی این ایم) ذیابیطس پاکستان میں تیزی سے پھیلنے والا مرض ہے، اس مرض کے متاثرین کے حوالے سے پاکستان کا شمار دنیا کے تیسرے بڑے ملک میں کیا جانے لگا ہے۔ ورلڈ ڈائبیٹیز فیڈریشن کے مطابق پاکستان کی 26.7 فیصد یعنی کہ 33 ملین آبادی ذیابیطس (باقی صفحہ 3 نمبر37)

ذیابیطس سے بچاؤ کا عالمی دن 14 نومبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ذیابیطس سے بچاؤ کا عالمی دن 14 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد ذیابیطس (شوگر) کے مرض سے پیدا شدہ پیچیدگیوں، علامات اور اس سے بچاؤ کے متعلق آگاہی (باقی صفحہ 3 نمبر34)

بزرگ سیاستدان نوابزادہ نصراللہ خان کا 108 واں یوم پیدائش 13 نومبر کو منایا جائے گا

مظفر گڑھ (جی این ایم) بزرگ سیاستدان نوابزادہ نصراللہ خان کا 108 واں یوم پیدائش 13 نومبر کو منایا جائے گا۔ نوابزادہ نصراللہ خان 1918ء میں جنوبی پنجاب کے ضلع مظفر گڑھ کے علاقہ خان گڑھ میں (باقی صفحہ 3 نمبر33)

امریکی وزیر دفاع نے مواخذے کی کوششیں مسترد کر دیں

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے مواخذے کی کوششوں کو مسترد کر دیا۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ مواخذے کی کارروائی سے پریشان نہیں، وہ ایران کے خلاف جنگ شروع کرنے کے فیصلے کو دوبارہ بھی درست سمجھیں گے۔ امریکی میڈیا کے مطابق پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ ایران (باقی صفحہ 3 نمبر31)

پولیس کا وکلا کے گھروں پر چھاپے اور ہراسانی ناقابل برداشت، صوبہ بھر میں عدالتی بائیکاٹ کا اعلان

حکومت پولیس کے غیر مناسب رویے کا نوٹس لے، چادر و چار دیواری کی پامالی منظور نہیں ہے، کوئٹہ میں پریس کانفرنس

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عطا اللہ لانگو نے وکلا رہنماؤں کے ہمراہ کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ وکلا کے خلاف پولیس کے غیر سنجیدہ رویے، گھروں پر چھاپوں اور ہراسانی کے خلاف صوبہ بھر کی عدالتوں کا بائیکاٹ کیا گیا ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صدر ہائی کورٹ بار عطا اللہ لانگو نے کہا کہ عدالتوں میں وکلا (باقی صفحہ 3 نمبر8)

صحبت پور میں 20 گھنٹے سے زائد غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، عوام کی چیخیں نکل گئیں

کیسکو انتظامیہ کی نااہلی سے مریض اور شہری شدید ذہنی کوفت کا شکار، شاہی اور حیر دین سمیت تمام فیڈرز متاثر، رپورٹ

صحبت پور (جی این ایم) ضلع صحبت پور اور اس کے گردونواح کے علاقے کیسکو انتظامیہ کی لاپرواہی کے باعث شدید غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی زد میں آ گئے ہیں، جس سے شدید گرمی و مشکلات میں صارفین کی چیخیں نکل گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق صحبت پور ضلعی ہیڈ کوارٹر سمیت شاہی فیڈر، حیر دین فیڈر، خیر پور فیڈر، اظہار فیڈر اور جیانی فیڈر پر بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کا سلسلہ (باقی صفحہ 3 نمبر10)

دکی میں زرعی ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن پر جائزہ اجلاس، ڈی سی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت

سولرائزیشن کے بعد سرکاری سامان واپس نہ کرنے والے زمینداروں کے خلاف قانونی کارروائی کا فیصلہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت زرعی ٹیوب ویلز کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس پی دکی محمد یونس رضا، نمائندہ کیسکو، نمائندہ ایگریکلچر، زمیندار ایکشن کمیٹی کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے عمل، کسانوں کو درپیش مسائل اور حکومت (باقی صفحہ 3 نمبر13)

ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن کی ڈپٹی کنزرویٹر سے ملاقات

شکار کی فیس کا 80 فیصد مقامی آبادی کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنے اور شفافیت کی ہدایت

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے محکمہ جنگلات گوادر کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات ضلع گوادر اسداللہ بلوچ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایس ڈی او وائلڈ لائف عصمت اللہ بھی موجود تھے ملاقات میں شجرکاری مہم کی پیش رفت، سات روزہ عوامی آگاہی پروگرام کی تیاریوں اور جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ (باقی صفحہ 3 نمبر14)



کوئٹہ، مسلم لیگ ن اقلیتی ونگ کے زیراہتمام گرینڈ شمولیتی تقریب کے موقع پر پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ایم این اے جمال شاہ کاکڑ خطاب کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ، پرائیویٹ میڈیکل کالجز کی فیس کی حد برقرار، درخواستیں خارج

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے پرائیویٹ میڈیکل کالجز کی جانب سے فیس کی حد کے خلاف دائر درخواستیں خارج کر دیں، جسٹس خالد اسحاق نے یونیورسٹی آف فیصل آباد بذریعہ عمران نذیر ودیگر کی درخواست پر 28 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کر دیا، جسے عدالتی نظیر قرار (باقی صفحہ 3 نمبر9)

صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مقبولیت کم ترین سطح کے قریب برقرار

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مقبولیت کم ترین سطح کے قریب برقرار ہے۔ رائٹرز اور اپسوس کے تازہ سروے کے مطابق صرف 32 فیصد امریکی شہری ٹرمپ کی کارکردگی سے مطمئن ہیں، 6 سے 9 نومبر کے دوران کیے گئے سروے میں مہنگائی اور بڑھتے اخراجات (باقی صفحہ 3 نمبر11)

کراچی، گھر میں کروڑوں کی چوری میں ڈرائیور ہی ملوث نکلا، دو ملزمان گرفتار

کراچی (جی این ایم) کراچی میں باتھ آئی لینڈ کے علاقے میں گھر کے اندر واردات میں ملوث گھریلو ڈرائیور سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ کراچی ساؤتھ انویسٹی گیشن پولیس نے تکنیکی بنیادوں پر اہم ٹارگٹڈ کارروائی (باقی صفحہ 3 نمبر15)

کراچی، گاڑی کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار افراد جاں بحق

کراچی (جی این ایم) کراچی میں گاڑی کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ کراچی کے علاقے فائیو اسٹار چورنگی کے قریب پیش آیا جہاں ایک تیز رفتار گاڑی نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی۔ پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر17)

ایران کا خطرہ، امریکا نے ایک اور برطانوی فوجی اڈے سے اپنے طیارے واپس بلالئے، رپورٹ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی فوج نے ایران کے خطرے کے پیش نظر برطانیہ کے دوسرے فوجی اڈے سے بھی اپنے طیارے منتقل کر دیئے۔ وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق امریکی فوج نے پیر کے روز برطانیہ میں واقع ایک فضائی اڈے سے اپنے طیارے خالی کرا لئے ہیں۔ اخبار نے اس معاملے سے واقف افراد کے (باقی صفحہ 3 نمبر19)



اوتھل، اسسٹنٹ کمشنر اوتھل ڈاکٹر میر من کاکڑ کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہے

اوتھل میں گرانفروشی کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ، خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں پر بھاری جرمانے اور دکانیں سیل ہوں گی، اسسٹنٹ کمشنر میر من کاکڑ

اوتھل: (رپورٹ - عزیز یوسفزئی) اسسٹنٹ کمشنر اوتھل ڈاکٹر میر من کاکڑ نے کہا ہے کہ شہر میں گرانفروشی اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، مقررہ سرکاری نرخوں سے زائد قیمتیں وصول کرنے والے دکانداروں کے (باقی صفحہ 3 نمبر12)

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد سے فوڈ اتھارٹی کے افسران کی ملاقات، اشیائے خوردونوش کے معیار کا جائزہ

غیر معیاری خوراک اور ملاوٹ مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی ہدایت، عوام کی صحت اولین ترجیح

نصیرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی میں عوامی مسائل کے فوری حل شکایات کے ازالے (باقی صفحہ 3 نمبر16)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی، انڈیکس نے ایک لاکھ، 77 ہزار کی حد عبور کر لی

انٹربینک میں ڈالر کی قیمت ایک پیسے کی کمی کے بعد 276 روپے 65 پیسے ہوگئی

کراچی (جی این ایم) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے دوران تیزی کا رجحان برقرار ہے، 100 انڈیکس نے ایک لاکھ، 77 ہزار کی حد عبور کر لی، تبادلہ مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں بھی کمی ریکارڈ کی گئی۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز اسٹاک ایکسچینج (باقی صفحہ 3 نمبر18)

بلوچستان میں موسم خشک اور سرد، زیارت میں درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ

شمالی اضلاع میں صبح و رات کے اوقات سردی برقرار، محکمہ موسمیات کوئٹہ کے اعداد و شمار

کوئٹہ (جی این ایم) محکمہ موسمیات کوئٹہ کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک ہے، جبکہ شمالی اضلاع میں صبح اور رات کے اوقات سردی برقرار ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر20)

ایس آئی ایف سی کے حکام سے ازبکستان کے سفیر کی ملاقات

خصوصی اقتصادی زونز سمیت اہم شعبوں میں باہمی سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے حکام سے پاکستان میں ازبکستان کے سفیر علی شیر تختائیف نے ملاقات کی، جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ کے امکانات (باقی صفحہ 3 نمبر21)



عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح، آئی جی پولیس

غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں اور گشت بڑھانے کی ہدایت

عوامی اعتماد اور کھلی کچہری: "تھانوں کی سطح پر کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جائے اور سائلین کو میرٹ پر ریلیف فراہم کیا جائے، خطاب

کوئٹہ (جی این ایم) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس، تمام رینجز کے ڈی آئی جیز اور آر پی اوز کی ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت سکیورٹی انتظامات پولیس کارکردگی اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ صوبے میں عوام کے جان و مال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی بلوچستان پولیس کی اولین ترجیحات ہیں۔ امن و امان کے استحکام کو برقرار رکھنے کیلئے تمام ذمہ دار افسران اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری محنت، دیانت داری اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کریں جبکہ قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کو یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں صوبے کے تمام رینج ڈی آئی جیز اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرز (ڈی پی اوز) کے ساتھ ویڈیو لنک کے ذریعے منعقدہ (باقی صفحہ 3 نمبر22)

صوابی، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق، 7 زخمی

صوابی (جی این ایم) خیبرپختونخوا کے ضلع صوابی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق جبکہ 7 شدید زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق نیشنل بینک گدوڈ آباد لار کے قریب نامعلوم وجوہات کی بنا پر فائرنگ کا واقعہ پیش (باقی صفحہ 3 نمبر26)

پنجگور میں ایل پی جی کا شدید بحران، قیمت 600 روپے فی کلو تک پہنچ گئی، لکڑی بھی ناپید

متبادل ذرائع نہ ہونے سے شہری شدید پریشان، گیس کی بیرون ضلع منتقلی پر پابندی کا مطالبہ، رپورٹ

پنجگور (جی این ایم) پنجگور میں ایل پی جی گیس کی شدید بحران قیمتوں میں اضافہ فی کلو 500 روپے سے لے کر 600 روپے تک فروخت ہونے لگی ہے پنجگور میں گیس اور ایندھن کے دیگر ذرائع نہ ہونے سے لوگ ایل پی جی گیس سلنڈر کھانا پکانے کے لئے استعمال کرتے ہیں، لیکن ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں اضافہ سے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہوگیا ہے جو (باقی صفحہ 3 نمبر25)

تربیلہ ڈیم حادثہ، وزیراعظم شہباز شریف نے معاملے کا نوٹس لے لیا، رپورٹ طلب

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے تربیلہ ڈیم حادثہ کا نوٹس لیتے ہوئے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے متعلقہ حکام سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ رپورٹ میں واقعے (باقی صفحہ 3 نمبر24)

پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کا صوبائی کنونشن 23 نومبر کو کوئٹہ میں منعقد ہوگا' رزاق عاصم

(باقی صفحہ 3 نمبر23)



